# مدنی مذاکرے کے تنظیمی اور دیگر مدنی پھول

## 27 May to 25 June 2017

www.dawateislami.net

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

# دُرُود شریف کی فضیلت

**فرمانِ مصطفٰے** صَلَّی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلَّم :''جو مجھ پر ایک بار دُرُود شریف پڑھتا ہے **اللہ** تعالیٰ اُس کے لئے ایک قیراط اَجر لکھتا ہے اور قیراط اُحُد پہاڑ جتنا ہے ۔ (مُصَنَّف عبدالرزاق، ج۱، ص۳۹، حدیث ۱۵۳)

صَلُّوا عَلَی الْحَبِیْب ! صَلَّی اللّٰہُ تَعالٰی عَلٰی مُحَمَّد

# مَدَنی مُذاکرے کے تنظیمی و دیگر مَدَنی پھول

| | | |
|---|---|---|
| یکم رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 27 مئی 2017ء |

☆......یکم رمضانُ المبارَک ہمارے غوثِ اعظم حضرتِ سیّدعبدُ القادِرجیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا یومِ وِلادت ہے۔☆......ہمارا ہر کام اللہ تعالیٰ کی رِضا اور پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کی خُوشنودی کے لیے ہونا چاہیے۔اے کاش! ہمارا کوئی بھی کام محض اپنے نفس کے لیے نہ ہو۔☆......سال بھر بالخصوص ماہِ رمضان میں آنکھ ،کان اور پیٹ بلکہ ہرعُضو کا قفلِ مدینہ لگالیجئے۔☆......بدنگاہی کرنا بہت بُرا کام ہے ،اسے سات(7) سمندروں کا پانی بھی نہیں دھوسکتا،البتہ ندامت وتوبہ کے آنسو دھوسکتے ہیں۔☆......شرعاً ماں باپ کی خدمت اور ہر جائز بات ماننے کا حکم ہے،البتہ وہ گُناہ کرنے کا کہیں تو اَب اُن کی اِطاعَت (پیروی) نہیں کی جائے گی۔☆......دِل سے مسلمانوں کی خیرخواہی کی نیّت کرتے ہوئے ماہِ رمضان میں چیزوں کے دام کم لینے چاہئیں۔☆......راہِ خُدا میں مال خرچ کرنے کے کئی فوائد ہیں،راہِ خُدا میں رقم خرچ کرنے سے رقم کم نہیں ہوتی بلکہ بڑھتی ہے۔☆......بالعموم ہر جگہ اور بالخصوص مسجد میں عاجزی کا پیکر بن کر رہئے۔☆......جو کوئی تکلیف پہنچائے اس پر صبر کرنا چاہئے اور تکلیف پہنچانے والے کو اللہ تعالیٰ کی رِضا کے لیے مُعاف کردیا کریں

www.dawateislami.net

☆......فضول باتوں سے بچنے کے لیے ضروری بات بھی اشارے سے یا لکھ کر کرنا، زبان کا قفلِ مدینہ ہے، البتہ نیکی کی دعوت دینا، ذکرِ الٰہی کرنا، دُرُودِ پاک پڑھنا، درس دینا، شرعی مسئلہ بیان کرنا وغیرہ زبان کے قفلِ مدینہ کے منافی نہیں ہے۔☆......جن مساجد اور مدارِس میں ضرورت ہو، معلومات کر کے اس مسجِد یا مدرَسے میں مُصحَف شریف (قرآنِ کریم) رکھنے کی ترکیب بنایا کریں، کیونکہ کئی مساجد میں کثیر قرآنِ کریم موجود ہوتے ہیں۔☆......جب بچے اور بچیاں 7 سال کے ہو جائیں تو اِنہیں نماز پڑھنے کی تلقین کریں اور طاقت ہو تو روزے کے بارے میں ضروری احکام سے آگاہ کر کے روزہ بھی رَکھوائیں۔☆......کوئی غلَطی ہو جائے اور کوئی سمجھائے تو فوراً رُجوع کر لینا چاہئے۔☆...... مدَنی اِنعامات نیک بننے کا نسخہ ہیں، انہیں ساری زندگی کے لیے اپنائیے۔☆......نیک عمل کرنے میں نفس بہت رُکاوٹ ڈالتا ہے۔☆......ملاوٹ سے توبہ کریں، بلکہ یہ حقوق العباد کا معاملہ ہے، جس سے دھوکا کیا ہے، اسے اس کا حق لوٹانا ہو گا۔☆...... بندہ جس کام میں سنجیدہ ہو جائے وہ ہو جاتا ہے۔ ☆......صدقہ وخیرات میں افضل یہ ہے کہ اوّلاً اپنے رشتہ داروں کو دیا جائے۔☆......ہماری زبان سے کوئی ایسا لفظ نہ نکلے اور نہ ہی کوئی ایسا کام ہو، جس سے لوگ بدظن ہوں۔

| | | |
|---|---|---|
| یکم رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 28 مئی 2017ء |

☆......سلام کرتے ہوئے یہ نیّت کرنی چاہئے کہ سُنّت ادا کرنے کے لیے سلام کر رہا ہوں، جس کو سلام کر رہا ہوں، اس کی جان، مال، عزّت وآبرو میں دَخل اندازی کرنا مجھ پر حرام ہے۔☆......علمِ دِین سیکھنے سے حاصِل ہوتا ہے، علمِ دین حاصِل کرنے کے لیے جامعۃُ المدینہ میں داخِلہ لینا اچّھا ہے اور یہ علمِ دین حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ مدَنی قافِلوں میں سفر کرنے، مدَنی چینل دیکھنے، مکتبۃُ المدینہ کی کتابیں پڑھنے اور دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار اجتماع و مدنی مذاکروں میں شرکت کرنے سے بھی علمِ دین کی کثیر باتیں حاصل ہوتا ہے۔ ☆......مچھلی کی کلیجی کھا سکتے ہیں، میں نے کئی مرتبہ کھائی ہے، لوگ اُسے پھینک دیتے ہیں، ایسا نہیں کرنا چاہئے۔ ☆......عبادت میں دل تنگ ہونا یا کسی قِسم کی بیزاری کا اِظہار کرنا اچھا نہیں۔☆......جس کے والدَین یا اُن میں سے کوئی فوت ہو گیا ہو تو وہ نیکیاں کر کے انہیں اِیصالِ ثواب کرے، کوئی گُناہ کر کے اِنہیں رنجیدہ نہ کرے۔

www.dawateislami.net

☆......ماہِ رمضان کی برکتیں اور رحمتیں لُوٹنے کے لیے وہی کام کریں، جو اللہ عزوجل کی رِضا والے ہیں۔☆......مکتبۃُ المدینہ کا رِسالہ ''مچھلی کے عجائبات'' پڑھیں گے تو آپ کی معلومات میں حیرت انگیز طور پر اضافہ ہوگا اور اللہ کی قدرت کے عجائبات معلوم ہوں گے۔☆......سیّدوں کی خدمت کرنا سعادت ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ رمضان المبارک۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 28 مئی 2017ء |

☆......حضرت مُجدِّد الف ثانی شیخ اَحمد سرہندی رحمۃ اللہ علیہ دَسویں (10ویں) صدی ہجری کے سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ کے مشہور بُزرگ، بہت بڑے ولیُ اللہ اور عالم تھے۔ مکتبۃُ المدینہ کا رِسالہ ''تذکرہ مُجدِّدِ الف ثانی'' حاصِل کرکے پڑھیں، حیرت انگیز مُعلومات حاصِل ہوں گی۔☆......پانی پینے کے بعد برتن میں جو تھوڑا سا پانی بچ جاتا ہے، اُسے گرانا نہیں چاہئے بلکہ پی لیا کریں۔☆......بڑے بڑے گھونٹ پانی پینے سے جگر کمزور ہوتا ہے، جگر کی کمزوری کی وجہ سے ہاضمہ کمزور ہوتا ہے۔☆......جس شہر میں کسی ولیُ اللہ کا مزار ہو یا خاص نسبت ہو تو تعظیم کے لیے لفظ '' شریف'' لگایا جاتا ہے مثلاً پاکپتن شریف۔☆......گھر کی کھڑکیاں کھُلی رکھنی چاہئیں تاکہ تازہ ہوا آئے، اس سے بیماریاں دُور ہوتی ہیں، بندوں کمروں میں جراثیم پیدا ہوتے ہیں، جو صحت کے لیے نقصان دِہ ہیں۔☆......مسلمانوں کے ساتھ ہمدردی کرنے کے کئی فائدے ہیں، مثلاً اللہ تعالیٰ راضی ہوتا ہے، مزید آج ہم مسلمانوں کے ساتھ ہمدردی کریں گے تو کل ہمارے ساتھ بھی ہمدردی کی جائے گی۔☆......جو پانی چلتا رہتا ہے، تازہ رہتا ہے، ہر ایک کو چاہئے کہ ہر ماہ 3 دن کے مدنی قافلے میں ضرور سفر کرے۔☆......اچھی اچھی نیّتیں آسان نیکی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲ رمضان المبارک۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 29 مئی 2017ء |

☆......ولیُ اللہ کے لیے عالم ہونا شرط ہے اور صالح (نیک) بندہ ہونے کے لیے فرض عُلوم کا حاصِل ہونا ضروری ہے۔☆......مصافحہ یعنی ہاتھ اس طرح ملایا جائے کہ دونوں ہاتھوں کے درمیان کوئی چیز مثلاً موبائل، چادر وغیرہ حائل نہ ہو، کیونکہ بِلا حائل مصافحہ کرنا سُنّت ہے۔☆......گھر میں بڑا شاپر یا تھیلا رکھ لیا جائے

www.dawateislami.net

اور مُقدّس اَوراق کو اس میں جمع کرتے رہیں۔ اس میں کچھ وزن ڈال کر بیچ سمندر میں محفوظ کردیں یا کسی محفوظ مقام یا زمین میں قبر کی طرح گڑھا کھود کر اس میں دفن کر دیں اور اوپر سلیب لگا کر مٹی ڈال دیں، یہ نہ کر سکیں تو دعوتِ اسلامی کی مجلس ''تحفظِ اَوراقِ مُقدّسہ'' کے تحت لگائے گئے، بکس میں ڈال دیں۔ ☆......سادے کاغذ کا بھی احترام ہے، کیونکہ یہ لکھنے کے لیے ہی بنایا جاتا ہے۔ **بعض بُزرگ کاغذ کو بغیر وضو کے نہیں چُھوتے تھے۔** ☆......**ایصالِ ثواب کی چیز** جائز طریقے سے گھر لانے سے برکت ہوگی۔ ان شاءاللہ عزوجل۔ ☆......شرعی مسئلہ بتانا بہت بڑا اور نازُک معاملہ ہے، ہر ایک کو بتانے کی اجازت نہیں۔ ☆......بہت سے لوگ کھانا کھاتے نہیں بلکہ نگلتے ہیں۔ ☆......خوشگوار زندگی گزارنی ہے تو کھانے کی حرص (لالچ) ختم کر دیں۔ ☆......**مجلس تحفظِ اَوراقِ مُقدّسہ** والے مُقدّس اَوراق کے بکس میں کنکری، ٹافیوں کی پنّی، کھجور کی گٹھلی وغیرہ سب کو محفوظ کیا کریں، ہوسکتا ہے ان کا تعلق مکہ و مدینہ یا بغداد شریف سے ہو۔ ☆......احیاء العلوم میں ہے: ایک بزرگ تھے، ان سے اگر کوئی مسئلہ پوچھتا تو رو پڑتے کہ آپ کو کوئی اور نہیں ملا جو مسئلہ بتائے۔ ☆......گھر میں مقدس اوراق کے لیے **''شاپر''** کی ترکیب کی جائے۔ ☆...... بڑے ذمہ داران **مدنی مذاکرے** میں آئیں تو بات بنے۔ ☆...... **تنظیمی اِصطلاحات** سیکھنے کے لیے مدنی قافلے میں سفر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳ رمضان المبارک **۱۴۳۸ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 29 مئی 2017ء |

☆......**لُو (Heat Stroke) لگنے کی چند علامتیں یہ ہیں**، سر درد ہونا، چکر آنا، پٹھوں میں کھچاؤ محسوس ہونا، جِلد کا سرخ اور خشک ہوجانا، نکسیر (Epistaxis) کا پھوٹنا، بلڈ پریشر (Blood Pressure) کا کم (Low) ہوجانا وغیرہ۔ ☆...... مَیں اسلامی بھائیوں کو کُرتے کے سامنے والے حصے میں 2 جیبیں رکھنے کی تاکید کرتا ہوں، دل کی جانب والی جیب میں مقدس تحریریں، تقسیم کرنے کے لیے جیبی سائز کے رسائل وغیرہ رکھئے اور دوسری جانب والی جیب میں نوٹیں رکھا کریں تاکہ دولت دل سے دُور رہے۔ ☆...... کسی کے ہاں کوئی فوت ہوجائے تو تعزیّت کا طریقہ یہ ہے کہ لواحقین کو صبر کی تلقین کی جائے، تسلی کے جملے بولے جائیں، میّت کے لیے مغفرت کی دُعا کی

www.dawateislami.net

جائے اوراس دوران چہرے پرغم کے آثار رکھے جائیں ۔☆......خوشی کے موقع پر مُسکراتے ہوئے مبارکباد دی جائے،اس سے مخاطِب کے دل میں زیادہ خوشی داخل ہوگی۔☆...... بچوں کی تربیّت کرنا سیکھنے کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتاب ''تربیتِ اَولاد'' کا مطالعہ کیا جائے۔☆......مکتبۃ المدینہ کا رسالہ ''**گرمی سے حفاظت کے مدنی پھول**'' خرید فرمائیں اوراس کا مطالعہ کریں ۔☆...... ماں کی گود بچوں کی پہلی درس گاہ ہے،اس لیے ماں کی تربیّت ضروری ہے۔☆......بچوں کا لٹریچر ایسا ہو، جس میں آسان زبان اور حکایات ہوں مثلاً مکتبۃُ المدینہ کے رسائل ''نوروالا چہرہ، جھوٹا چور، دُودھ پیتا مدَنی مُنّا، بیٹا ہوتو ایسا'' مدنی مُنّوں کے لیے لکھے گئے ہیں ۔☆......بچوں کے سامنے سکھانے کی نیت سے اللہ اللہ کیا جائے۔☆......بہتر یہ ہے کہ سحری کا وقت ختم ہونے سے دو تین منٹ پہلے ہی کھانا پینا ختم کردیں۔☆...... میں مجلسِ توقیت کے اوقاتِ نماز والے کلینڈر سے اِفطار کا وقت دیکھ لیتا ہوں اور افطار کے اعلان کے وقت گھڑی کا وقت بھی دیکھ لیتا ہوں تاکہ روزہ افطار کرنے میں غلطی نہ ہوجائے ،کیونکہ اِعلان کرنے والا غلطی سے وقت سے پہلے بھی اعلان کرسکتا ہے۔☆......انسان ماں کی جتنی بھی خدمت کرلے،اس کے احسانات سے سبکدُوش (فارغ) نہیں ہوسکتا۔ ☆......کھچڑی اور دہی کھانے سے بھوک اور پیاس کم لگتی ہے۔☆...... مبلغین کو چاہیے کہ ماہِ رمضان میں اپنی کوشش تیز تر کردیا کریں، ماہِ رمضان میں نمازیں شروع کرنے والوں پر انفرادی کوشش کرکے پکّا نمازی بنانے کی ترکیبیں کریں۔☆...... نئے نمازیوں کونماز کے فضائل،نہ پڑھنے کی وعیدیں بتائی جائیں ، ہفتہ وار اجتماع ،مدنی چینل ،مدنی قافلہ،اعتکاف اور مدنی مذاکرے کی دعوت دی جائے۔ ☆......کتاب ''باطنی بیماریوں کی معلومات'' گھول کر پینے والی کتاب ہے،اس میں 47 باطنی برائیوں کے نام،تعریفات اوردیگر مدنی پھول ہیں۔☆......نماز کے لیے کسی ایک کو ساتھ لے کر آنا کارِثواب ہے۔☆......اُردو کو اسلام نے دامن میں لیا ہوا ہے۔☆......تین اُنگلیوں سے نوالہ لینا سُنّتِ انبیاء ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۳ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 30 مئی 2017ء |

☆...... بڑوں اور چھوٹوں سے مُسکرا کر خندہ پیشانی سے بات کرنی چاہئے ، بڑوں سے مؤدِّبانہ اور چھوٹوں سے مشفِقانہ انداز رکھئے ، لہجہ نرم اور آواز درمیانی ہونی چاہئے ، نہ اتنی پست ہو کہ بات سمجھ میں نہ آئے اور نہ چیخ چیخ

www.dawateislami.net

کر بات کی جائے ۔☆...... مسلمان کو گالی دینافِسق یعنی گُناہ ،حرام اور جہنّم میں لے جانے والاکام ہے۔☆......فضول باتوں سے ہروقت بچنا چاہیے کہ یہ گُناہ کی طرف لے جاسکتی ہیں۔☆......مکتبۃُ المدینہ کی کتاب ''**باطنی بیماریوں کی معلومات**'' گھول کر پینے والی ہے۔یعنی اسے باربارپڑھیں تاکہ اس کے مضامین یادہوجائیں۔☆......مُقدّس مقامات کی زِیارت میں یہ نیّت ہونی چاہئے کہ میں اس مقام سے برکتیں حاصِل کروں گا۔☆......حج اللہ تعالیٰ کے محبوبوں کی اداؤں کا مجموعہ ہے۔☆......کسی کی جماعت نکل گئی تو وجہ نہ پوچھیں،ہوسکتا ہے وہ جھوٹ کے گُناہ میں پڑ جائے بلکہ جماعت کی اہمیّت وفضائل بیان کیا کریں۔☆......بغیر شرعی مجبوری کے تکبیرِ اُولیٰ بھی فوت نہیں ہونی چاہیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٤رمضان المبارک١٤٣٨ھ | مدنی مذاکرہ(بعدِ عشا) | 30 مئی 2017ء |

☆......شیطان ایمان کا دُشمن ہے،اللہ تعالیٰ ،شیطان سے ہمارے ایمانوں کی حفاظت فرمائے۔☆......دن رات میں ہرایک کو12 سے 15 گلاس پانی پینا چاہئے۔ پانی پینے سے گُردوں کی صفائی ہوتی ،کھانا ہضم ہوتااورقبض کی بیماری سے حفاظت ہوتی ہے۔☆...... بچوں کو بھی پانی پلانا چاہئے، اگر نہ پیتے ہوں تو بہلا پھُسلا کر پلایا جائے۔☆......خالی پیٹ زیادہ پانی پینے سے کمزوری ہوتی ہے،البتہ آبِ زم زم پیٹ بھرکر پینے میں حرج نہیں۔☆......ہمارے مُعاشرے میں عموماً مالِ وراثت تقسیم کرنے کے مُعاملے میں تاخیراورنا انصافی کی جاتی ہے،ایسانہیں کرنا چاہئے ،دارالافتااہلِ سنّت سے رہنُمائی لے کر وراثت کی جلداوردُرست تقسیم کرنی چاہئے۔☆......بسااوقات انسان پر اپنی صلاحیتیں ظاہر ہوجاتی ہیں،مگران کی وجہ سے دوسروں کوحقیر نہ جانے، بلکہ شکرادا کرے۔ڈرتارہے،ذہن میں رہے کہ یہ صلاحیتیں میرے ربّ عزوجل کی طرف سے ہیں اور جب چاہے گا مجھ سے واپس لے لے گا۔☆......بچوں کی صلاحیّت دیکھیں تو حوصلہ افزائی کریں، بچے کا ذہن بناتے رہیں کہ یہ ربّ عزوجل کی عطا ہے، اللہ تعالیٰ جب چاہے گا واپس لے لے گا،اس لیے ان کی وجہ سے کسی کو حقیر نہ جانے اورتکبُّر نہ کرے۔☆......اپنے اندر موجودخصوصیات کواپنا کمال نہ سمجھئے بلکہ اللہ تعالی کی عطاجانئے،ہمیشہ اپنے عیبوں پر نظر رکھئے تاکہ دوسروں کے عیبوں پر نظر نہ پڑے۔☆......اپنے اندر عاجزی پیدا کریں ، یہ بُلندی عطا کرے

www.dawateislami.net

گی ۔☆......شہد ایسی اعلیٰ چیز ہے کہ قرآنِ کریم میں اس کا ذِکر آیا اور آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے پسند فرمایا ہے۔ ☆......شہد غذا بھی ہے دوا بھی۔☆......قرآنِ کریم کو درست پڑھنا سیکھیے۔اس کی تلاوت کیجیے ،اس کے ساتھ ساتھ ترجمہ کنزُ الایمان ،تفسیرِ خزائنُ العرفان اور تفسیرِ صراطُ الجنان پڑھیے ، یہ سب قُربِ الٰہی کا ذریعہ ہیں۔☆......کتنی عجیب بات ہے کہ مسلمان دُنیوی طور پر تو پڑھا لکھا ہو،مگر اسے قرآنِ کریم دیکھ کر بھی پڑھنا نہ آتا ہو۔☆......ماں باپ بے نمازی ہوں، گُناہ کرتے ہوں پھر بھی والدَین ہونے کی وجہ سے اولاد پر اُن کا احترام کرنا ضروری ہے۔☆......دُنیا کی کوئی چیز ہاتھ سے نکل جائے تو افسوس نہ کرے، البتہ اگر دِینی نعمت سے محرومی ہو تو افسوس کرے ، مثلاً کسی نماز کی جماعت فوت ہو جائے تو افسوس کرے۔☆......نیکی چھوٹ جانے پر افسوس اور گُناہ چھوٹ جانے پر شکر ادا کرنا چاہئے ۔☆......بعض اوقات دُنیوی نقصان ہو جائے تو افسوس ہونا فطری ہے، اس پر صبر کرے۔☆......مجھے تُرکوں سے محبت اور لگاؤ ہے، میں نے ان کے عشقِ رسول کے کئی واقعات سُنے ہیں۔☆......سفید لباس میں نماز بہتر ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٤ رمضان المبارک ۱٤۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعد عصر) | 31 مئی 2017ء |

☆......جماہی شیطان کی طرف سے ہے، اس میں آواز نہیں آنی چاہیے۔☆......ہم اہلِ سنّت ہیں اور ہمیں ان تمام سنّتوں پر عمل کرنا ہے، جن کی اَحادیثِ مبارکہ میں ترغیب دلائی گئی ہے۔☆......ماہِ رمضان میں وہ عمل زیادہ سے زیادہ کیا جائے جس میں اخلاص زیادہ ہو، دل لگے، خُشوع و خضوع آئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٥ رمضان المبارک ۱٤۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعد عشا) | 31 جون 2017ء |

☆......دعوتِ اسلامی ایک بڑی ریاست کی طرح ہے، اس کا پیغام دُنیا بھر میں پہنچ چکا ہے۔☆......دعوتِ اسلامی کھلی کتاب ہے، اگر کسی کو غلط فہمی ہے تو اندر آکر دیکھیں، غلط فہمی دُور ہو جائے گی۔☆......دعوتِ اسلامی میں خوفِ خدا (عزوجل) کی تعلیم دی جاتی ہے اور عشقِ مصطفیٰ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم) کا جام پلایا جاتا ہے، والدَین کی خدمت کی تلقین کی جاتی ہے۔حقوقُ اللہ اور حقوقُ العباد کی ادائیگی کا ذہن دیا جاتا ہے۔☆......اللہ تعالیٰ جس کا حامی ہو، اسے کون نقصان پہنچا سکتا ہے!☆......اے دعوتِ اسلامی والو! میں آپ کا ہوں اور آپ میرے ہیں۔☆......غصّہ ہر انسان کو آتا ہے، اس لیے جب کبھی غصّہ آئے تو ثواب کی نیّت سے پی جائیں۔☆......بیماری میں صبر کیا جائے تو ثواب ملتا

www.dawateislami.net

ہے۔بیماری میں اللہ تعالیٰ کی یاد آتی ہے ، مریض اپنی کوتاہیوں پرتوبہ کرتا ہے ۔نیک لوگوں سے دُعا کرواتا ہے۔☆......اللہ تعالیٰ ایسی بیماری میں مبتلانہ کرے، جو برداشت نہ ہو سکے۔اللہ تعالیٰ عافیت وامان عطافرمائے۔ ☆......ناخُن کاٹنا بھی نیکی ہے، ہر جمعے کو ناخن کاٹنا مستحب ہے۔☆......ایمان کا چورشیطان ہےاور یہ نظرنہیں آتا، اس سے ایمان بچانا آسان نہیں ہے،اللہ تعالیٰ ہمارے ایمانوں کی حفاظت فرمائے۔آمین☆......میرا پانی پینے کا ٹائم ٹیبل ہے اور پیالوں کی تعداد سردی اور گرمی کے حساب سے ہوتی ہے۔☆......سمجھ دار بچوں کی نیکی قبول ہے۔☆......بچے بھی ایصالِ ثواب کرسکتے ہیں۔☆......اپنی صلاحیتوں کو پہچاننے میں لگے رہنے سے **''خود پسندی''** کا خوف ہے۔بندہ اپنی صلاحیتوں پرنہیں،اپنے عیبوں پرنظر رکھے۔☆......دُوسروں کے عیبوں کی طرف نظر کرنے کے بجائے اپنے عیبوں پرنظر رکھے۔☆......عاجزی بُلندیوں کی طرف لے کر جاتی ہے۔☆......اسلامی بہنوں کے لیے شرعی پردہ سورج اور تازہ ہوا میں رکاوٹ نہیں۔☆......مدنی چینل کو عام کریں، یہ گھر گھر دین کی صحیح معلومات پہنچائے گا۔

| | | |
|---|---|---|
| ۵رمضان المبارک۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ(بعدِعصر) | یکم جون 2017ء |

☆......کسی کام کی نیّت اُسی وقت دُرست ہوگی جب 100% طے ہوکہ میں نے یہ کام کرنا ہے۔☆...... 80فیصد بیماریاں پیٹ بھرکر کھانے اور بدہضمی وغیرہ سے ہوتی ہیں۔☆......میں نے سب سے پہلا بیان'' **فضول خرچی کی مذمت**'' پرکیا تھا جو کہ تاجُ العلماء مفتی محمد عمر نعیمی رحمۃ اللہ علیہ کا لکھا ہوا،ایک مضمون تھا۔☆......جو بندہ سیکھنا چاہے،سیکھ جاتا ہے۔☆......علمائے کرام کا اِحسان ہے کہ وہ ہمیں مسئلے بتاتے ہیں۔☆......اذان کا جواب دینے کی بڑی فضیلت ہے۔سب کام کاج چھوڑ کر جواب دینا چاہیے۔اذان کے دوران بات چیت میں مصروف رہنے والوں کا خاتمہ بُرا ہونے کا خوف ہے۔الامان والحفیظ☆......کھا کر سونے سے نقصان ہوتا ہے۔کھانے کے ڈیڑھ دو گھنٹے کے بعد سونا چاہیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٦رمضان المبارک۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ(بعدِعشا) | یکم جون 2017ء |

☆......تعویذات کی اُجرت لینا شرعاً جائز ہے،مگر سلسلۂ قادریہ میں ناپسندیدہ ہے،مجلسِ مکتوبات وتعویذاتِ

www.dawateislami.net

عطّاریہ فی سبیل اللہ تعویذات دیتی ہے، انہیں اُجرت لینے کی ہرگز اجازت نہیں۔☆......ہر گھر میں دِینی کتابیں ہونی چاہئیں، اگر وہ خود پڑھنا نہیں جانتا تو اس کی اولاد پڑھے گی۔ان شاءاللہ عزوجل☆......جنّتی جنّت میں 30 تا33 سال کے لگیں گے۔☆......عبادت میں دل تنگ ہونا بُرا ہے۔☆......شکرادا کرنے کا ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی ہر نعمت کو موقع محل کے مطابق استعمال کرے۔اُسے گناہ میں ہرگز استعمال نہ کرے۔☆......اچھا خواب اچھی اچھی نیّتوں سے بیان کرنا دُرست ہے اور بُرا خواب بیان نہیں کرنا چاہئے۔☆......روزے میں زیادہ سونا نہیں چاہئے، اتنا سونا کہ روزے کا پتا ہی نہ چلے تو یہ کمال نہیں۔روزے میں پیاس لگے، بھوک محسوس ہو اور تھکاوٹ کا احساس ہو تو اچھا ہے۔☆......سانس کا لینا نعمت، سانس نکلنا نعمت، توفیقِ نعمت کا ملنا بھی نعمت ہے۔☆......مکتبۃُ المدینہ کی کتاب ''**شکر کے فضائل**'' ضرور پڑھیں۔اَنمول کتاب ہے، پڑھیں گے تو اس کی اہمیّت کا مزید احساس ہوگا۔☆......جس کو تجارت کرنی ہے، اس پر فرض ہے کہ تجارت کے ضروری اَحکام سیکھے۔☆......''**ماہنامہ فیضانِ مدینہ**'' بڑا پیارا اسلامی رسالہ ہے۔اس میں مدنی مُنّوں، جوانوں، اسلامی بہنوں اور تاجر اسلامی بھائیوں کے مضامین اور دعوتِ اسلامی کی تازہ کارکردگی (کرنٹ پوزیشن) کے بارے میں بھی مواد موجود ہوتا ہے۔تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اس کے سالانہ ممبر بنیں اور دوسروں کو بھی بنائیں۔☆......بدگمانی خبیث دل سے پیدا ہوتی ہے۔☆......اچھے مسلمان کے گُمان بھی اچھے ہوتے ہیں۔☆......رسالہ ''**قضا نمازوں کا طریقہ**'' مکتبۃُ المدینہ سے ہدیۃً حاصل کیجئے اور اس کا مطالعہ کیجئے، مُعلومات کا خزانہ ہاتھ آئے گا۔اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَل ☆......اہم بات 3 بار کہنا سنت ہے۔☆......مومن کے کسی فعل میں اچھا پہلو تلاش کرنا واجب ہے۔☆......سفید اور براؤن چادر گرمی میں بھی لیا کریں۔☆......ہمیں مدنی حلیے میں دیکھ کر لوگ خوش ہوتے ہیں اور مسلمان کی دِلجوئی ثواب ہے۔☆......خوش طبعی ایسی ہو کہ نہ کسی کی عزت خراب ہو، نہ ایذا و دل آزاری اور یہ کبھی کبھی ہونی چاہئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ٦ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 2 جون 2017ء |

☆......میّت کے جھوٹے اَوصاف مبالغے کے ساتھ بیان کرکے رونے کو نوحہ کہتے ہیں اور یہ حرام ہے۔☆......جنّات اور فرشتوں کو بھی ایصالِ ثواب کیا جاسکتا ہے۔☆......تمام دعوتِ اسلامی والے مدنی چینل کی

www.dawateislami.net

نویں (9ویں) سالگرہ کی خوشی میں دسویں شبِ رمضان شکرانے کے دو نوافل ادا کریں۔ جہاں جہاں پورے ماہ کا اعتکاف ہورہا ہے وہاں اس کی جماعت قائم کی جائے۔☆......چادر اوڑھنے سے اگر نماز میں خُشوع نہ آتا ہو تو چادر اُتار کر نماز پڑھی جائے۔☆......روحانیت کو بڑھانے کے لیے رمضان کا اعتکاف کیجئے۔☆......ہر ہفتے کو ہونے والے مدنی مُذاکرے میں شرکت فرمایا کریں، تنظیمی طور پر ہر ذمہ دار کو شرکت کرنا ضروری ہے بہتر یہ ہے کہ مدنی مُذاکرہ دیکھنے کی اجتماعی ترکیب بنائی جائے، اگر کوئی کبھی اجتماعی طور پر دیکھے جانے والے مدنی مُذاکرے میں شرکت نہ کر پائے تو حتی الامکان یکسوئی سے مدنی چینل پر دیکھ لیا کرے۔☆......اللہ کرے ہم ایک لمحے کے کروڑویں حصے میں بھی جہنّم میں نہ جائیں۔☆......کوئی کھانا کھا رہا ہو تو سلام نہ کیا جائے اور اگر کسی نے سلام کر دیا اور منہ میں لُقمہ نہ ہو تو سلام کا جواب دینا اچھا ہے۔☆......حرام کا ایک ذرّہ بھی نہ کھایئے، ایک ذرّہ حرام کھانا جہنّم میں ڈال سکتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۷رمضان المبارک۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 2 جون 2017ء |

☆......مُسکرانا اچھی بات ہے، مُسکراہٹ کے مدنی پھول دِل میں کھلنے چاہئیں، عادت نہ ہو تو تکلّف کر کے یہ عادت بنائے مگر جب صدمے کا موقع ہو تو اب نہ مُسکرایا جائے۔☆......مُہلِکات یعنی ہلاک کرنے والے اعمال مثلاً تکبّر، رِیا کاری وغیرہ کا علم حاصل کرنا فرض ہے۔☆......کسی کی بات ضَرر یعنی نقصان پہنچانے مثلاً جھگڑا فساد کروانے کے ارادے سے دوسروں کو پہنچانا چغلی ہے☆......مسلمان ہونے کے لیے بنیادی چیز ایمان لانا ہے۔☆......5 مہینوں کا چاند دیکھنا، واجبِ کفایہ ہے۔(۱)**شَعْبَانُ الْمُعَظَّم** (۲)**رَمَضَانُ الْمُبَارَک** (۳)**شَوَّالُ الْمُکَرَّم** (۴)**ذُوالْقَعْدَةِ الْحَرَام** (۵)**ذُوالْحِجَّةِ الْحَرَام**۔☆......فوت شدہ رشتہ داروں کو خواب میں دیکھنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے، کیونکہ کسی کو عذاب میں دیکھ لیا تو صدمہ ہوگا اگرچہ خواب میں یہ دیکھنا اس بات کی دلیل نہیں کہ واقعی عذاب بھی ہو رہا ہے۔☆......مدنی قافلے وغیرہ سفر میں جائیں تو دو تین مسواکیں ساتھ لے لیا کریں ضرورتاً شرکائے مدنی قافلہ کو بھی دے سکتے ہیں، اپنی مسواک گم ہوگئی تو متبادِل موجود ہوگی۔☆......مکتبۃ المدینہ کی کتاب **''غیبت کی تباہ کاریاں''** مکمل پڑھیں گے تو حیرت انگیز معلومات حاصل ہوں گی، اس میں غیبت کے علاوہ بھی کئی موضوعات پر مواد موجود ہے۔☆......چُغل خوری بہت بُری بات ہے، چغل

www.dawateislami.net

خور فاسقِ معلن (یعنی اعلانیہ گناہ کرنے والا) ہے۔اس کی بات پر اعتماد نہیں کرنا چاہیے۔☆......گُناہ ہوجائے تواس کا بہت زیادہ احساس ہونا چاہیے۔کاش نیندیں حرام ہوجائیں،فوراً توبہ کرے۔☆......نیکی کر کے بھول جاؤ، گُناہ ہوجائے تو ہمیشہ یاد رکھو۔☆......ایسے اَوراد و وظائف کا شوق نہ بڑھائیں جس سے جنّ قابو میں آئیں۔جنّ قابو کرنے کے بجائے اپنے نفس کو قابو کرنے کی کوشش کریں۔جو جنّ کو قابو کرلیتا ہے اس کا ادنیٰ نقصان یہ ہوتا ہے کہ وہ مُغرور ہوجاتا ہے۔ایسوں کو دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں استقامت بھی نہیں ملتی۔☆......اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہیں، ہم سب اس کے محتاج ہیں۔☆......مکتبۃُ المدینہ کی کتاب ’’**کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب**‘‘ کا ضرور مطالعہ کریں۔☆......لیلۃ ُالقدر کی رات اور آبِ زمزم کا پانی، کہنا دُرست نہیں صرف لیلۃ القدر، آبِ زمزم کہنا کافی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۷رمضان المبارک۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 3 جون 2017ء |

☆......دوستوں اور بچوں سے بھی آپ جناب سے بات کریں اوران سے اتنا غیر سنجیدہ نہ ہوں کہ ان کی نظر میں آپ کا وقار کم یا ختم ہوجائے۔☆......سالن وغیرہ میں ہَلدی ضَرور استعمال کیجئے، روزانہ ایک گرام (یعنی چٹکی بھر) ہَلدی کھانے والا اِن شاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ کینسر سے محفوظ رہے گا۔☆......بیرونِ ملک رہنے والوں کو چاہئے کہ صلہ رِحمی کی نیّت سے والدین کو فون یا انٹرنیٹ کے ذریعے ہفتے میں ایک یا دو بار بات کرلیا کریں اور وسعَت ہوتو انہیں ہر ماہ رقم بھیجا کریں۔☆......عورتوں کا سسرال میں اپنے والدَین کا زیادہ تذکرہ کرنا گھریلو مسائل وجھگڑوں کا باعِث ہوسکتا ہے۔سمجھدار عورتیں اس سے اجتناب کرتی ہیں۔☆......شوہر کے حقوق والدَین کے حقوق سے زیادہ ہیں، اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: عورت پر سب بڑا حق شوہر کا ہے یعنی ماں باپ سے بھی زیادہ۔(فتاوٰی رضویہ،۲۴/۳۹۱) ☆......سب کے ساتھ یکساں سلوک رکھا جائے تاکہ وقار برقرار رہے۔☆......کتاب ’’**غیبت کی تباہ کاریاں**‘‘ پڑھنے سے حیرت انگیز معلومات حاصل ہوں گی۔☆......ہمیں زندگی بھر نفس سے لڑائی کرنی ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸رمضان المبارک۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | ۳ جون 2017ء |

www.dawateislami.net

☆......دوسروں کی خواہش اور حاجت کو اپنی خواہش وحاجت پر ترجیح دینا ''اِیثار'' ہے۔☆......سر میں تیل لگانے سے دماغ تر رہتا، خشکی سے حفاظت ہوتی اور حافظہ مضبوط ہوتا ہے اور تیل نہ لگانے کی وجہ سے حافظہ کمزور ہوتا اور طرح طرح کے دماغی امراض پیدا ہوتے ہیں۔☆......اگر کوئی چھوٹا بچہ بھی ہمیں دِین کی بات بتائے، کسی مسئلے کی طرف توجہ دلائے تو حوصلہ افزائی کرتے ہوئے، اس کی بات کو قبول کرنی چاہئے۔

☆......کسی کے ہاں بیٹی پیدا ہو تو وہ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے، جتنی محبت وہمدردی بیٹی والدین سے کرتی ہے لڑکے نہیں کرتے۔☆......ماہِ رمضان تو ماہِ نزولِ قرآن ہے، اس میں تلاوتِ قرآن ضرور کرنی چاہئے، اس میں نیکیوں کا ثواب بڑھ جاتا ہے۔☆......سنّت کی نیّت سے سر میں تیل لگانے سے ثواب بھی ملے گا۔ تیل لگانے کے بعد عمامہ شریف اور ٹوپی کے نیچے سر بند باندھا کریں کہ یہ سنّت ہے۔☆......اِخلاص کا ایک درجہ یہ بھی ہے کہ کوئی حوصلہ افزائی کرے تو اچھا نہ لگے۔☆......شریعت کو مطلوب ہے کہ فضول خرچی نہ کی جائے۔☆......علمِ دین، تقویٰ، اِخلاص کی دولت حاصل کرنے میں کوشش کرنی چاہئے، یہ دولت جتنی زیادہ ہو کم ہے۔☆......مکتبۃُ المدینہ کا رِسالہ ''**زندہ بیٹی کنویں میں پھینک دی**'' پڑھیں گے تو بیٹی کی تمنّا کریں گے۔

☆......اِسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں سب اپنے ذیلی حلقے میں ہونے والے ''**مدنی دورے**'' میں شرکت کیا کریں۔

☆......ایک اسلامی بہن کی اِصلاح ہوگی تو نسلوں کی اِصلاح ہوگی کیونکہ ماں کی گود بچے کی پہلی درس گاہ ہے۔

☆......میرا مشورہ ہے کہ مدرسۃُ المدینہ، جامعۃُ المدینہ کے اساتِذہ اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں طلبہ و طالبات سے تحائف قبول نہ کیا کریں۔☆......عبادت اور مدنی کاموں میں اسلامی بہنوں کے بچے رُکاوٹ نہیں ہوتے بلکہ نفس رُکاوٹ ہوتا ہے، البتہ بچوں کی وجہ سے مشقت بڑھ جاتی ہے، جتنی مشقت زیادہ ہوگی ثواب بھی زیادہ ہوتا ہے۔☆......کاش! ہمارا ایسا ذہن بن جائے کہ کوئی ہماری تعریف کرے تو ہمیں اچھا نہ لگے۔☆......اگر کوئی رہنمائی کرے تو اس کا شکریہ ادا کریں، چاہے غلط رہنمائی کرے ورنہ وہ آیندہ نہیں بتائے گا۔ میں نے کبھی کسی سمجھانے والے سے لڑائی نہیں کی۔☆......اصلاح کرنے والا دوست ہوتا ہے، دُشمن نہیں

www.dawateislami.net

ہوتا، اگر کوئی بتائے کہ کپڑوں پر بچھو ہے تو اس کا شکریہ ہی ادا کیا جائے گا، لہٰذا مصلح (اِصلاح کرنے والے) کا شکریہ ادا کیا جائے۔☆......محدثِ اعظم پاکستان رحمۃ اللہ علیہ کا قول: یہ مت کہا کرو کہ حدیث کی کتاب میں نہیں، حدیث کی 800 کتابیں ہیں، یہ کہیں ہمیں معلوم نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۸رمضان المبارک۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 4 جون 2017ء |

☆......مطالعہ کُتب کے لیے صبح کا وقت بہتر ہے یا جس وقت مطالعہ کرنے والا بالکل فریش (Fresh) ہو۔
☆......والدَین کے ہاتھ چومنے میں ہچکچاہٹ ہو تو ہمّت کر کے والدَین کے ہاتھ چوم لیں، دو چار مرتبہ چومیں گے تو ہچکچاہٹ بھی دُور ہو جائے گی۔☆......روزے میں جھوٹ بولنے یا غیبت کرنے سے روزے کی روحانیت جاتی رہتی ہے۔ بغیر روزے کے بھی یہ گناہ ہیں، روزے میں تو ان کی ہلاکت خیزی میں مزید اضافہ ہو جاتا ہے۔☆......عوام کو چاہئے کہ وہ صرف حدیث شریف کا ترجمہ پڑھنے پر اکتفانہ کریں، بلکہ ترجمے کے ساتھ کسی سُنّی عالم کی شرح بھی پڑھیں، نُزھۃُ القارِی شرح صحیح بُخاری، تفہیم البخاری، مِراۃُ المناجیح اور فیضانِ ریاضُ الصالحین کا مطالعہ مفید ہے۔☆......ریاضُ الصالحین احادیثِ مبارکہ کی کتاب ہے اور اس کے مؤلف ساتویں (7ویں) صدی کے بہت بڑے عالم اور ولیُ اللہ حضرت امام ابوزکریا یحیٰی بن شرف نووی رحمۃ اللہ علیہ ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۹رمضان المبارک۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 4 جون 2017ء |

☆...... بولنا بھی ایک فن ہے، اے کاش! گناہوں سے بچتے ہوئے دُرست بولنا آجائے۔☆......بجلی کے آلات، گیس پر چلنے والے آلات اور پیٹرول پر چلنے والی گاڑیوں کو استعمال کرنے کے بھی اصول ہیں، ان اصولوں کے مطابق استعمال کریں ورنہ یہ کسی بڑے حادثے کا سبب بن سکتی ہیں۔☆......آجکل دِینی طالبِ علم کی حوصلہ افزائی نہیں کی جاتی، ان کی حوصلہ افزائی کی جائے تاکہ علمِ دین حاصل کرنے میں ان کا دِل لگے۔
☆......مسواک شریف ہمارے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی بہت ہی پیاری سنّت ہے، اس سے دوستی کرلیں، سینے سے لگا کر رکھیں، زندگی بھر کرتے رہیں۔☆......لفظ عُبید کے ساتھ لفظ محمد نہ بولا جائے، ہر نام کے ساتھ

www.dawateislami.net

لفظ ''**محمد**'' نہیں لگتا۔☆......کھانے پینے والی چیزوں کو ڈھک کر رکھا جائے، بالخصوص رات میں برتنوں کو ڈھکنے کی تاکید ہے۔☆......جتنا پھل یا سبزی خراب ہوجائے اُسے کاٹ کر پھینک دیں، بقیہ استعمال کریں۔تھوڑا سا خراب ہو تو اسے پورا پھینک دینے کی اجازت نہیں۔☆......بابُ المدینہ کراچی پاکستان کا دِل ہے۔☆......موبائل سے دِل نہ لگے تو اچھا ہے۔اس کے استعمال میں منہمک نہ ہوجائیں بلکہ عندَ الضرورت استعمال کریں۔☆......جو بیرونِ ملک فوت ہوجائے تو اسے وطن لانے کے بجائے، وہیں مسلمانوں کے قبرِستان میں دفن کر دیا کریں کیونکہ وطن لانے کے لیے انجکشن وغیرہ لگا کر میّت کو اذیّت دی جاتی ہے نیز اس میں تاخیر بھی ہوتی ہے۔☆......جس طرح زندہ کو تکلیف ہوتی ہے، اس طرح مردے کو بھی تکلیف ہوتی ہے، اس لیے میّت کو سرد خانے یا برف خانے میں نہ رکھا کریں۔حکمِ شریعت کے مطابق فوراً دفن کر دیا جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۹ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 5 جون 2017ء |

☆......کسی کے گھر جائیں اور وہ دروازہ نہ کھولے تو صبر کرتے ہوئے، بغیر بُرا منائے، واپس لوٹ جایئے اور حسنِ ظن رکھئے، ہوسکتا ہے کسی مجبوری کے تحت صاحبِ خانہ نے اجازت نہ دی ہو۔☆......اگر کوئی ہمارے گھر پر دَستک دے تو سنّت یہ ہے کہ پوچھئے: کون ہے؟ باہَر والے کو چاہئے کہ اپنا نام بتائے: مَثَلاً کہے: ''محمد الیاس۔'' نام بتانے کے بجائے اس موقع پر ''مدینہ!''، ''میں ہوں!'' ''دروازہ کھولو'' وغیرہ کہنا سنّت نہیں۔☆......کوئی مدنی پیڈ وغیرہ پر کچھ لکھ رہا ہو تو اس کی اجازت کے بغیر ہرگز نہیں پڑھنا چاہئے۔☆......مال میں کوئی عیب یا کوئی وجہ نہ ہو پھر بھی کوئی گاہک خریدی ہوئی چیز دُکاندار کو واپس کرے تو احسان یہ ہے کہ ایک مسلمان کے دل میں خوشی داخل کرنے کی نیت سے بخوشی وہ چیز واپس لے لے، ثواب بھی ملے گا اور دنیاوی فائدہ یہ ہوگا کہ وہ گاہک دوبارہ بھی خریداری کے لیے آئے گا۔اِن شاءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ☆......میرا مشورہ ہے کہ اپنی برادری میں شادی کی جائے، آپس کے رسم و رَواج اور رہنے سہنے کے انداز معلوم ہوتے ہیں، اس سے گھر اچھا چلتا ہے۔البتہ اگر برادری سے باہر دِینی علم

www.dawateislami.net

وعمل اور سیرت وصورت کے اعتبار سے اچھا رِشتہ ہوتو کرلینا چاہئے۔☆......توبہ کے بہت سارے فضائل ہیں، ہر وقت توبہ کرتے رہنا چاہیے، سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم معصوم ہونے کے باوجود 70 یا 100 مرتبہ روزانہ توبہ (استغفار) فرماتے تھے۔☆......اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عاجزی کرنا اچھی بات ہے۔☆......زہے نصیب سرکارِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کا تصور کرکے **درود شریف** پڑھا جائے، اگر کوئی غفلت سے بھی پڑھے تو ثواب پائے گا۔☆......کباب سموسے کھانے کے بعد ٹھنڈا پانی پیا جائے تو ان کے نقصانات بڑھ جاتے ہیں۔☆......اِستغفار کا مطلب ہے توبہ کرنا۔☆......Sory کہنا بھی عاجزی ہے۔☆......درود شریف تصورِ مصطفیٰ میں ڈوب کر پڑھنا چاہیے، اگر غفلت میں پڑھیں پھر بھی قبول ہے۔☆......**''پردے کے بارے میں سوال جواب''** کا مطالعہ کریں، یہ اسلامی بھائیوں اور اسلامی بہنوں دونوں کے لیے مفید ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ رمضان المبارک **۱۴۳۸ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 5 جون 2017ء |

☆......جس دُنیا سے ہماری آخرت خراب ہوتی ہو وہ بُری اور چھوڑنے کے قابل ہے۔☆......آپ کی زکوٰۃ کے زیادہ حق دار آپ کے رِشتہ دار ہیں، پھر دعوتِ اسلامی۔☆...... جانور اور پرندے وغیرہ بھی اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں، ان کے پالنے والوں کو چاہئے کہ وہ انہیں بار بار کھانا پانی دیتے رہیں تاکہ یہ بھوکے پیاسے نہ رہیں، کیونکہ بروزِ قیامت ان کے بارے میں بھی سوال ہوگا۔☆......پھل کاٹنے اور کھانے میں اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ غذائیت والا دُرست حصہ پھینک نہ دیا کریں۔اگر پھل بچ جائیں تو فریج وغیرہ میں محفوظ کرلیں اور بعد میں استعمال کرلیا کریں۔☆......ہمارے پیارے آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کا خاندانِ بنی ہاشم دنیا میں سب سے اعلیٰ ہے۔نیز ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام باپ دادا، اہلِ ایمان یعنی مسلمان، اچھے انسان اور اہل اللہ (یعنی اللہ والے) تھے۔☆......حضرت ہاشم بن عبدِ مناف رحمۃ اللہ علیہ ہمارے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پردادا تھے۔ان کی اولاد قریش کے معزز ترین خاندان بنو ہاشم کے نام سے مشہور ہے۔☆......وضو میں ہر عضو کو 3,3 بار دھونا سنّتِ مؤکدہ ہے۔☆......سنّتِ مؤکدہ کا ایک آدھ مرتبہ

www.dawateislami.net

ترک کرنا بُرا ہے اور ترک کرنا عادت بنالے تو گُناہ ہے۔☆......تعمیر مشکل ہے، تخریب آسان ہے۔☆ ......مدنی چینل اسلام کی حقیقی صورت دکھاتا ہے۔☆......سارے دعوتِ اسلامی والے اپنا صدقۂ فطر دعوتِ اسلامی کو دیں تو کروڑوں روپے مدنی عطیات ہوجائیں۔☆......مُوذی جانوروں کو مارنے، حلال جانوروں کو ذبح کرنے میں بھی حتی الامکان کم سے کم تکلیف دیں۔☆ ......بلا ضرورت اپنی نیکی کا اظہار نہ کیا جائے۔☆ ......مکتبۃُ المدینہ کا رسالہ ''**جیسی کرنی ویسی بھرنی**'' بہت پیارا ہے، اس کا ضرور مطالعہ کیا جائے۔ ☆ ......12 مدنی کام کرنے والے اور کروانے والے میرے کماؤ پُتر ہیں۔☆ ......منہ میں بدبو ہو تو مسجد میں منہ صاف کر کے جائے، چاہے رکعت یا جماعت ہی چلی جائے۔☆ ......جان بوجھ کر جماعت ترک کرنا گناہ ہے اور رکعت چھوڑنے کی عادت بھی گناہ ہے۔☆ ...... جماعت کی پابندی کی ایسی عادت بنائیں کہ سوائے شرعی مجبوری کبھی ہماری جماعت نہ جائے۔☆ ......سستی کی وجہ سے رکعت، تکبیر، جماعت اور صفِ اوّل نہیں نکلنی چاہیے۔☆ ......جس چیز سے آخرت کو نقصان ہو، وہ دنیا ترک کردینی چاہئے۔☆ ......ہمارا یونیفارم ہر جگہ پہنا جاسکتا ہے۔☆ ......کاش! ہم نیکیاں چھپانے والے بن جائیں۔☆ ......گرمی میں باریک کپڑوں سے بدن ستر جھلکتا ہو تو ایسے کپڑے پہننا جائز نہیں۔☆ ......سرکار صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کے سارے آباؤ اجداد اہلِ ایمان تھے۔

| ۱۰ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 6 جون 2017ء |
|---|---|---|

☆ ...... جب لڑکے اور لڑکی کی عمر 10 سال ہوجائے تو ان کو الگ الگ سُلانا چاہیے، بلکہ اس عُمر کا لڑکا اتنے بڑے (یعنی اپنی عمر کے) لڑکوں یا (اپنے سے بڑے) مَردوں کے ساتھ بھی نہ سوئے۔☆ ......غوث کے معنی ہیں ،فریاد سننے والا ،حاجت پوری کرنے والا۔ اولیائے کرام کی ایک اعلیٰ قسم کو'' **غوث**'' کہا جاتا ہے۔ ☆ ......عموماً دانتوں کی صفائی کا خیال نہ رکھنے کی وجہ سے مَسوڑھوں میں طرح طرح کے جراثیم پرورِش پاتے پھر معدے میں جاتے اور طرح طرح کے اَمراض کا سبب بنتے ہیں۔☆ ...... کنکھجورہ (Centipede)

www.dawateislami.net

مُوذی ہے، اسے دوٹکڑے کرنے کے بجائے جان سے مار دیا جائے، ورنہ دو کنکھجورے بن جاتے ہیں۔☆......رمضان المبارک کے فضائل اور ثوابات پر نظر ہوگی تو اس کے گزرنے پر افسوس ہوگا۔☆......روزے میں لگنے والی بھوک و پیاس بہت بڑی نعمت ہے، اس سے پیٹ کی بھی اصلاح ہوتی ہے۔☆......رمضانُ المبارک کے ایک ایک لمحے کی قدر پہنچانی جائے۔☆......نیکی کی عوت دینے میں سستی نہیں کرنی چاہیے، جس کو نیکی کی دعوت دی گئی اگر اس نے قبول نہ بھی کی، نیکی کی دعوت دینے کا ثواب تو ملے گا۔ان شاءاللہ عزوجل

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 6 جون 2017ء |

☆......ہمیں نیک لوگوں کی صحبت میں رہنا چاہیے مثلاً ایسے دعوتِ اسلامی والے کی صحبت اختیار کرنی چاہیے جو خوفِ خُدا کا پیکر، نمازِ باجماعت کا عادی، سُنّتوں پر عمل کرنے والا، مدنی اِنعامات کا عامل اور مدنی قافلوں میں سفر کرنے والا ہو۔☆......زیادہ بیماریاں کھانے پینے میں بے اعتدالی اور پیٹ بھر کر کھانے سے ہوتی ہیں، اس لیے بھوک سے کم اور ڈر ڈر کر کھایا کریں۔☆......حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھانے سے پہلے مسواک کرلیا کرتے تھے اور کھانے کے بعد مسواک کرنے کے بارے میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس سے دانتوں کا پِیلا پن دُور ہوتا ہے۔☆......لوگ کہتے ہیں کہ ''**کھاؤ پیو جان بناؤ**'' جبکہ میں کہتا ہوں کہ کھاؤ پیو جان گھٹاؤ، کیونکہ جو زیادہ کھاتا پیتا ہے اس کا پیٹ خراب ہوتا ہے، جس سے 80 فیصد بیماریاں ہوتی ہیں۔☆......غیر مسلِم کو مسلمان کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اُسے فوراً پہلے والے باطل مذہب سے توبہ کروا کر کلمہ پڑھا دیا جائے، اس کے بعد اس کی زبان (Lenguage) میں کلمے کا ترجمہ بھی پڑھایا جائے۔☆......کچھ لوگ مسواک کرنے کے بعد اسے وضو خانے پر رکھ دیتے ہیں، ایسا نہ کیا کریں، مسجد کے خادمین کو وضو خانے کی صفائی میں مشکل ہوتی ہوگی، اس لیے مسواک کرنے کے بعد اپنے پاس رکھ لیا کریں۔☆...... ہر ایک یہ ذہن بنائے کہ ''میں سب سے بُرا ہوں''۔☆......ماہِ رمضان المبارک میں بعض لوگوں کا وزن بڑھتا ہے اور میرا وزن کم

www.dawateislami.net

ہوتا ہے، کیونکہ کھانے پینے میں میری احتیاطیں بڑھ جاتی ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 7 جون 2017ء | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | ۱۱ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ |

☆...... ماہِ رمضان کے روزے ہمارے لیے نعمت ہیں، کیونکہ ماہِ رمضان کے روزے رکھنے سے اللہ تعالیٰ کی رِضا حاصل ہوتی ہے، مزید ان سے تقویٰ کی دولت نصیب ہوتی ہے اور پیٹ کی اصلاح بھی ہوتی ہے۔☆......حضرت امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کی وِلادت شریف 15 رمضان المبارک کو ہوئی، مکتبۃُ المدینہ سے رسالہ بنام "**امام حسن کی 30 حکایات**" شائع ہو چکا ہے، یہ رسالہ حاصل کر کے اس کو عام کیجئے۔☆...... بڑی عمر والے مدرسۃ المدینہ بالغان پڑھنے میں جھجک محسوس کریں تو ہمت کر کے 2,4 دن پڑھیں، ان شاءاللہ عزوجل جھجک اُڑ جائے گی۔☆...... میں جشنِ میلادُ النبی (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم) کے مبارک موقع پر کیک کاٹنے کی پذیرائی نہیں کرتا، کیونکہ بسا اوقات اس میں کئی غیر مناسب بلکہ ناجائز چیزیں شامل ہو جاتی ہیں۔☆......جس کو اثرات یعنی شریر جِنّ کا اثر ہو جائے، اسے اُٹھتے بیٹھتے کثرت سے یہ پڑھنا چاہیے "**یَا اَللّٰہُ، یَا حَیُّ، یَا قَیُّوْمُ**" ان شاءاللہ عزوجل اثرات ختم ہو جائیں گے۔☆......ثَرِید ایک کھانا ہے جو سالن میں روٹی کے ٹکڑے اچھی طرح بھگو کر تیار کیا جاتا ہے۔سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ثرید بنایا۔☆......کم یا زیادہ غصّہ ہر ایک کو آتا ہے۔جب کبھی غصّہ آجائے تو ضبط کرنا چاہیے۔☆......سب عیبوں میں سب سے بُرا عیب کفر ہے۔☆......اچھی نیّت کرنا بھی نیکی ہے۔☆......ائمہِ کرام مسائل بیان کرنے میں نرم انداز رکھیں۔بُرا بھلا کہنے کے بجائے مُثبت انداز سے مواعظِ حسنہ سے ترکیب بنائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 7 جون 2017ء | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | ۱۲ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ |

☆......سمجھانے کا انداز حکیمانہ اور ہمدردانہ ہونا چاہیے۔اگر ہم کسی کو جارِحانہ (لڑنے والے) انداز میں سمجھائیں گے تو ہوسکتا ہے وہ سمجھ جائے مگر اس کے دِل میں ہماری نفرت بیٹھ جائے گی۔☆......سب سے بُرا عیب کفر ہے، اللہ تعالیٰ ہمارے ایمانوں کی حفاظت فرمائے اور ہم ایمان سلامت لے کر دنیا سے جائیں۔☆......اچھی نیّت

www.dawateislami.net

کرنا بھی نیکی ہے بلکہ عمل کے مقبول ہونے کا دارو مدار اچھی نیّت مثلاً اخلاص پر ہے۔☆......دُعا قبول نہ ہونے کی کئی وجوہات ہیں، جن میں سے دو (2) یہ بھی ہیں: (1) حرام روزی کمانا (2) دُعا میں جلدی مچانا یعنی یہ ذہن بنانا کہ میں نے دعا مانگی، اب تک قبول نہ ہوئی (ایسا شخص گھبرا کر دعا چھوڑ دیتا ہے اور مقصد سے محروم رہتا ہے)۔☆......جب غُصّہ آئے تو غصے کا علاج کرنا چاہئے، مثلاً غُصّہ ضبط کیجئے، تَعَوُّذ (اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم) پڑھئے، وضو کرلیجئے، کھڑے ہوں تو بیٹھ جایئے وغیرہ۔ کیونکہ غُصّے میں عموماً آدمی اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرجاتا ہے۔☆......دھوپ کا صحتِ انسانی میں اہم اثر ہے، کہا جاتا ہے جس گھر میں دھوپ داخل نہیں ہوتی، اس میں ڈاکٹر آتا ہے۔ بے شمار جراثیم ایسے ہوتے ہیں جو دھوپ اور تازہ ہوا سے مرجاتے ہیں۔ اس لیے دھوپ کو گھر میں آنے کی اجازت دینی چاہئے۔☆......مسلمان میّت کو ایصالِ ثواب سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔☆......موت بالخصوص ناگہانی موت میں ہمارے لیے باعثِ عبرت ہے۔ ہم بھی ایک دن اس دنیا سے رُخصت ہوجائیں گے۔☆......باہم ایک دوسرے کے جائز کاموں میں مددوتعاوُن کریں، اس سے مُعاشرے کی تعمیر ہوتی ہے، اگر اس میں اللہ تعالیٰ کی رِضا کی نیّت کرلیں تو ثواب بھی ملے گا۔ ان شاء اللہ عزوجل ☆......"**نیکی کر دریا میں ڈال**" اُردو مُحاورہ ہے، اس کے معنی ہیں کہ نیکی واحسان کرو اور بھول جاؤ، کسی پر کیا ہوا احسان جتا کر اُسے اذیّت اور اپنی نیکی ضائع نہ کرو۔☆ نیکیوں کو یاد نہ رکھا جائے بلکہ بُھلا دیا جائے، گناہ ہوجائے تو اسے یاد رکھا جائے اور توبہ استغفار کرتا رہے۔☆......سحری میں زیادہ طاقت دینے والی غذائیں کھائی جائیں، دودھ کے ساتھ 4,5 کھجوریں، دہی، بھوسی والے آٹے کی روٹی یا بران بریڈ فائدہ مند ہے، دیر سے ہضم ہوگی اور زیادہ طاقت دے گی۔☆......اِفطار میں ٹھنڈا پانی پینے سے اجتناب کیا جائے، اس سے بیماریاں ہوتی ہیں۔ رنگ برنگے مشروبات کے بجائے لیموں فائدہ مند ہے۔☆......"**ماہنامہ فیضانِ مدینہ**" تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں جاری کروائیں۔☆......کسی کا نیکی کرتے ہوئے انتقال ہوجائے تو ایسی موت کی تمنّا کرنا دُرست ہے۔☆......سب سے افضل زبان "عربی" ہے، اس کو سیکھنے والے کو ثواب ملے گا۔

www.dawateislami.net

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعد عصر) | 8 جون 2017ء |

☆......ننگے فرش پر سجدہ کرنا مستحب ہے۔ کارپیٹ بچھانا اور اس پر نماز پڑھنا بھی جائز ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۳ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 8 جون 2017ء |

☆......شوگر کے مریض یا دیگر کمزوری کے شکار سحری میں جَو شریف کا دلیہ استعمال فرمائیں، چاہیں تو اس میں مرغی کے گوشت کے ٹکڑے (Pieces) شامل فرمالیں۔ ☆......سحری میں خوب ڈٹ کر کھانے سے طبیعت بھاری اور تیزابیت (Acidity) شروع ہوجاتی ہے۔☆...... دُکاندار اگر مسلمانوں کو اس نیّت کے ساتھ سستی چیزیں بیچیں کہ ان کو راحت نصیب ہوگی، غریبوں کو آسانی ہوگی تو ثواب پائیں گے۔☆...... اِفطار میں فوراً برف کا ٹھنڈا پانی پینے سے گیس، تبخیر معدہ اور جگر کے وَرَم (سُوجن) کا سخت خطرہ ہے۔ کیمیکلز سے بھرپور رنگ برنگ کے مشروبات اور ٹھنڈی بوتلوں (Cold Drinks) کے بجائے تخمِ بالنگا، لیموں اور شہد یا شَکر کا شربت بنا کر استعمال فرمائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۳ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 9 جون 2017ء |

☆......رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سرِ اقدس میں اکثر تیل لگاتے تھے اور اکثر سرِ مبارَک پر کپڑا (یعنی سربند شریف) رکھتے تھے یہاں تک کہ وہ کپڑا تیل سے تر ہوجاتا تھا۔ ''سربند'' کا استعمال سنّت ہے، جب بھی آپ سر میں تیل ڈالیں، تو ایک چھوٹا سا کپڑا سر پر باندھ لیا کریں، یہ سنّت ادا ہوجائے گی۔☆......تیل نہ لگانے سے سر میں خشکی، سر درد، بال کمزور ہوجاتے ہیں۔☆...... ''جی آیاں نوں'' پنجابی میں Wellcome اور خوش آمدید کے معنی میں استعمال ہوتا ہے، ایسا کہنے میں حرج نہیں البتہ ''آؤ جی، بسم اللہ'' نہ کہا جائے کیونکہ یہ بسم اللہ پڑھنے کا موقع نہیں۔☆......مدنی انعامات میں مدنی کام کرنے کے لیے 2 گھنٹے کم ہیں، مبلغ کو تو ہر جگہ مبلغ ہونا چاہیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۴ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 9 جون 2017ء |

☆......ایسی صابن دانی استعمال کی جائے، جس کے پیندے میں سوراخ ہوں تاکہ پانی ان سے بہہ جائے،

www.dawateislami.net

اگراس میں سوراخ نہ ہوئے یا سوراخ تو ہوں مگر صابن کی وجہ سے بند ہوگئے ہوں تو اس میں پانی جمع ہوجائے گا جس کی وجہ سے صابن خراب ہوتا رہے گا۔☆ ......وضو وغسل کرنے اور نماز پڑھنے میں مہارت حاصل کرنے کے لیے سات (7) دن کا ''**فیضانِ نماز کورس**'' کرلیں اور مکتبۃ المدینہ کی کتاب ''**نماز کے احکام**'' کا مطالعہ کرتے رہیں۔☆ ......نیک لوگوں کا ذِکر گناہوں کے لئے کفّارہ اوران کے تذکرے کے وقت (اللہ تعالیٰ) کی رَحمت نازل ہوتی ہے۔نیک لوگوں کا تذکرہ گناہوں کا کفارہ ہے تو نیک لوگوں کی صحبت کتنی عظیم ہوگی۔

☆......دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے منسلک ہوجائیں،اسی میں جینا مرنا کرلیں ان شاءاللہ عزوجل نیک صحبت نصیب ہوگی۔

☆ ......جب کوئی بات لکھیں تو لکھنے کے بعد تحریر کی نظرثانی (Review) ضرور کی جائے ، کیونکہ لکھتے ہوئے کچھ نہ کچھ غلطی رہ جاتی ہے،نظرثانی کریں گے تو دُور ہوجائے گی۔☆ ......مدنی چینل کو دیکھنا بھی عبادت ہے، کیونکہ اس کی عین شریعت کے مطابق نشریات ہوتی ہیں۔☆ ......اللہ کا کرم ہے کہ ہمارے دل دعوتِ اسلامی سے لگادیئے ہیں۔☆ ......اے کاش! ہمارا جینا مرنا دعوتِ اسلامی میں ہو۔☆ ......مکتبۃُ المدینہ نے کتاب ''**بہارِ شریعت**'' کو بہترین انداز میں شائع کیا ہے۔☆ ......میرے دوست نے بتایا ہے کہ میں ''**شَرۡحُ الصُّدُور**'' پڑھتا ہوں،اس وجہ سے رات کو اٹھ اٹھ کر روتا ہوں۔یہ سن کر شوق ہوا اور کئی مرتبہ شرح الصدور (مترجم) پڑھی ہے،مکتبۃ المدینہ سے ''شَرۡحُ الصُّدُور'' خرید فرمائیں اور مطالعہ کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ١٤ رمضان المبارک ١٤٣٨ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 10 جون 2017ء |

☆ ......سر اور داڑھی کے بالوں کو ضرور دھونا چاہیے ، ورنہ ان میں میل جمع ہوجائے گی ، بال بدنما ہوجائیں گے اور طرح طرح کی بیماریاں پیدا ہوں گی۔☆ ......: زکوٰۃ مال کا ''میل'' ہے اور یہ سیّدوں اور دیگر ہاشمیوں کو نہیں دے سکتے ، آپ ان کی خدمات میں اپنا صاف مال سعادت سمجھتے ہوئے پیش کیا کریں۔☆ ......دونوں سجدوں کے دَرمیان بیٹھنے کو ''**جلسہ**'' کہتے ہیں۔اس میں کم ازکم ایک بار سُبۡحٰنَ اللہ کہنے کی مقدار ٹھہرنا واجب ہے۔اِس وقفہ میں **اَللّٰھُمَّ اغۡفِرۡلِیۡ** کہہ لینا مُستَحَب ہے۔☆ ......وضو کے بعد کنگھی کرنے سے تنگدستی دور ہوتی

www.dawateislami.net

ہے۔☆......کتابوں کا مطالعہ ضروری ہے، جتنا مطالعہ کریں گے تو علم میں اضافہ ہوگا۔ایک بار مطالعہ کافی نہیں بلکہ بار بار پڑھنا ہوگا۔☆......مالی غربت و مفلسی کو دُور کرنے کی کوشش کی جاتی ہے، مگر علم کی غربت و مفلسی کو دُور کرنے کے لیے کوشش نہیں کی جاتی۔☆......مسجد میں کام کرنے والوں مثلاً کارپینٹر وغیرہ کو بھی آداب کا خیال کرنا ضروری ہے، بلند آواز سے دنیا کی بِلا ضرورت بات نہ کریں۔☆......نفس کو زبردستی نماز روزے کا پابند بنایا جائے۔

| | | |
|---|---|---|
| ١٥ رمضان المبارک ١٤٣٨ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 10 جون 2017ء |

☆......کندھوں تک زُلفیں رکھنے والوں کو یہ خیال رکھنا ضروری ہے کہ بال کندھوں سے نیچے نہ ہونے پائیں، کیونکہ عورتوں کی طرح کندھوں سے نیچے بال رکھنا مَرد کیلئے **حرام** ہے (تسہیلاً فتاویٰ رضویہ ج۲۱ص۶۰۰) پانی سے اچّھی طرح بھیگ جانے کے بعد زُلفوں کی درازی (یعنی لمبائی) خوب نُمایاں ہو جاتی ہے، لہٰذا جن دنوں بڑھائیں، ان دنوں غسل کے بعد کنگھی کر کے غور سے دیکھ لیا کریں کہ بال کہیں کندھوں سے نیچے تو نہیں جا رہے۔ ☆......مریض کی عیادت کرنے جائیں تو جسے اِستطاعت ہو، اسے چاہئے کہ لفافے میں ڈال کر مریض کو رقم پیش کی جائے، یہ اس کے لیے دوسرے تحائف سے بہتر ہوگی۔☆......عموماً ائمہ، خطبا اور علما مالدار نہیں ہوتے ،ان کی خدمت میں بھی رقم لفافے میں ڈال کر چھپ کر پیش کی جائے، کیونکہ یہ سفید پوش ہوتے ہیں، سب کے سامنے دینا غیر مناسب ہے۔☆......آبِ زم زم شریف کو دیکھنے سے نظر تیز ہوتی اور گناہ معاف ہوتے ہیں۔

☆......اگر کوئی شاعری کرے تو اسے فن آنا چاہیے اور الفاظ کا بہت بڑا ذخیرہ ہو۔اسلامی شعر کہنے والے کی قرآن و حدیث پر نظر ہو، دِین کی اچھی معلومات ہوں، ورنہ اسلامی شاعری کرنے والے قرآن و سنت اور ادب کے خلاف شعر کہہ جاتے ہیں۔☆......صرف حمد و نعت اور اصلاحِ معاشرہ کے لیے کلام لکھیں اور کسی ایسے عالم سے شرعی تفتیش کروائیں، جو شاعری کا فن بھی جانتا ہو۔☆......شادیوں اور عیادت کرنے میں لفافے میں رقم ڈال کر دیں، یہ زیادہ اچھا ہے۔☆...... میں عاشقانِ رسول علماء سے محبت کرتا ہوں، آپ بھی محبت

www.dawateislami.net

کیجیے۔☆......اللہ تعالیٰ ہمیں کسی کا محتاج نہ کرے، اپنا ہی محتاج رکھے۔☆......شوہر، بیوی کو ایک بار بھی جاہل کہے تو اس کا دل تو دُکھے گا۔☆...... مجھے بچپن میں گھر والے ''بابو'' کہا کرتے تھے۔☆......افطار کے وقت دُعا کی قبولیت کی جو فضیلت ہے، وہ روزہ اِفطار کرکے دُعا مانگی جاتی ہے۔☆...... پہلے غوث ''امام حسن'' دوسرے غوث ''سید عبدالقادر جیلانی'' اور تیسرے ''امام مہدی'' رضی اللہ عنہ ہیں۔☆......امامِ حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مدینہ منورہ سے مکہ مکرمہ 20 دفعہ پیدل سفرِ حج کیا۔☆...... باوضو رہنا ثواب کا کام ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۵ رمضان المبارک **۱۴۳۸ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 11 جون 2017ء |

☆...... کنگھی کے لیے شریعت میں کوئی خاص وَقت مقرر نہیں ہے مِیانہ رَوی کا حُکم ہے، نہ تو آدمی جِنّاتی (بُری) شکل بنا رہے نہ ہر وقت بناؤ سنگھار میں مشغول رہے۔ امام مناوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جس شخص کو بالوں کی کثرت کی وجہ سے ضرورت ہو، وہ مُطلقاً روزانہ کنگھی کر سکتا ہے۔ ☆......گھر والوں کے ساتھ ہمارا رَوَیّہ نہایت نرم ہونا چاہیے، چھوٹے ہوں یا بڑے، سب سے ''آپ جناب'' سے بات کریں، والدین، بڑے بھائی بہنوں سے مؤدّبانہ اور چھوٹے بھائی بہنوں سے مشفقانہ برتاؤ رکھیں، ان شاء اللہ عزوجل گھر میں مدنی ماحول بنتا جائے گا۔☆......اگر کوئی ہماری چیز بغیر پوچھے استعمال کرلے تو ہمیں بغیر جھگڑا کیے معاف کردینا چاہیے۔☆...... ''**گھر میں مدنی ماحول بنانے کے 19 مدنی پھولوں**'' پر عمل کریں، ان شاء اللہ عزوجل گھر میں مدنی ماحول بن جائے گا۔☆......کسی کے والدین کا انتقال اس حالت میں ہوا کہ وہ اِس سے ناراض تھے تو کثرت سے ان کی مغفرت کی دعا کرے اور زیادہ سے زیادہ نیکیاں کرکے انہیں ایصالِ ثواب کرے۔☆......اپنے استعمال کی چیزوں مثلاً چادر وغیرہ پر کوئی نشان لگا لیا کریں، فیضانِ رمضان کے باب ''فیضانِ اعتکاف'' میں نشانات دیکھ لیں۔ میں اپنی چیزوں میں دائرہ (o) کا نشان لگاتا ہوں۔☆......گھر میں حسنِ سلوک زیادہ ہونا چاہیے۔ والدین، بھائی بہن وغیرہ کے حقوق دوستوں اور دیگر لوگوں سے زیادہ ہیں۔

www.dawateislami.net

| ۱۶ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 11 جون 2017ء |
| --- | --- | --- |

☆......جو لوگ جانور پالتے ہیں، ان پر ضروری ہے کہ اپنے جانوروں کو چارہ پانی دینے کے ساتھ ساتھ سخت گرمی اور سخت سردی سے بھی بچائیں۔☆......مکتبۃ المدینہ کا نیا رسالہ ''امام حسن مجتبیٰ کی 30 حکایات'' پڑھنے سے امامِ حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کے بارے میں **معلومات** کے ساتھ ساتھ ان کی محبت میں بھی اضافہ ہوگا۔☆......آم پھلوں کا بادشاہ ہے، مگر اس کو زیادہ کھانے سے پھوڑے پھنسیاں ہوسکتی ہیں۔☆......آم کھانے سے پہلے دھولیا جائے پھر اسے ٹھنڈے پانی یا فریج میں رکھ کر ٹھنڈا کرلیا جائے، اس طرح کھانے سے اس کے نقصانات کم ہوجائیں گے۔ ان شاء اللہ عزوجل☆......مکتبۃ المدینہ کا ''**مدنی پنج سورہ**'' بازار میں بکنے والے دیگر پنج سورتوں سے مختلف ہے، اس کا اوّل تا آخر مطالعہ کریں ان شاء اللہ عزوجل دِینی **معلومات** کا خزانہ ہاتھ آئے گا۔ اس میں سورتوں اور وظائف کے علاوہ کئی رنگ برنگے مدنی پھول بھی ہیں۔☆......میاں بیوی کو چاہیے کہ دونوں نرمی سے کام لیں، ایک دوسرے کو ایذاء نہ دیں۔☆...... جب تک حدیثِ مبارکہ اچھی طرح یاد نہ ہو تو زبانی بیان نہ کریں۔☆......اللہ تعالیٰ سے عشقِ نبی کی خیرات مانگا کرو، یہ آخرت میں کام آئے گی، دنیا کی دولت نہ مانگو اس کا تو آخرت میں امتحان ہوگا۔☆......اگر اللہ تعالیٰ کی رِضا کے لیے خوفِ خدا سے گڑگڑا کر توبہ کی جائے تو دل کی سیاہی دھل جائے گی۔☆......گھر کی عورتوں کے کپڑوں اور چوڑیوں وغیرہ پر غیر مرد کی نظر نہ پڑھنا اَنسب ہے۔☆...... ہر سانس موت کی منزل کی طرف ایک قدم ہے۔☆......عمر بڑھتی نہیں، گھٹتی جا رہی ہے۔☆......ایک عالم دوسرے عالم کا ایک سیّد دوسرے سیّد کا احترام کرے، یہ کارِ ثواب ہے۔☆...... ہر داڑھی والے کا عالم ہونا ضروری نہیں۔

| ۱۶ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 12 جون 2017ء |
| --- | --- | --- |

☆......حجّام کو حجّام کہیں تو عموماً بُرا لگتا ہے، اس لیے انہیں حجّام نہ کہا جائے، کیونکہ مسلمان کی دل آزاری حرام ہے۔☆......مدنی منّوں کو آدھے کان تک زلفیں رکھوایا کریں۔☆......گھر سے جاندار کی تصویریں نکال دیں، جس

www.dawateislami.net

گھر میں جاندار کی تصاوِیر آویزاں کی جاتی ہیں، اس میں رحمت کے فرشتے داخل نہیں ہوتے۔☆...... بابا تاج الدین اولیا رحمۃ اللہ علیہ باکرامت ولی اللہ اور مجذوب تھے۔☆......زیادہ تر لوگ جوان مرتے ہیں، اس لیے بڑھاپے میں کم لوگ پہنچتے ہیں۔☆...... ہر وقت موت کو یاد رکھیے، کوئی نیکی نہ چھوٹے اور کوئی گناہ سرزد نہ ہو۔ ☆......اے کاش! خوفِ خُدا ہر وقت ہم پر طاری رہے۔☆......قرآن جتنا پڑھیں گے، اتنا ہی زیادہ ثواب ملے گا۔☆......غوثِ پاک رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی بازار میں بکنے والی تصویر فرضی ہے۔☆...... ہر وقت موت کو پیشِ نظر رکھنا چاہیئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۷ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 12 جون 2017ء |

☆......گرمی کے موسم میں سالن پکاتے ہوئے وہ مصالحے استعمال کئے جائیں جن کی تاثیر ٹھنڈی ہو مثلاً ہلدی، سونف، دھنیا وغیرہ۔☆......5 مُوذِی جانوروں کو ہر جگہ مار سکتے ہیں: (۱) چوہا (۲) کوّا (۳) چیل (۴) بچھو (۵) پاگل کتا، مُوذِی سے مراد یہ ہے کہ یہ جانور اپنے نفع کے بغیر اَذِیّت (تکلیف) دیتے ہیں ۔☆......: روزانہ 29 بار **یَا مُهَيْمِنُ** پڑھا کریں۔ کوئی وقت مقرر کرلیں گے تو یاد رہے گا، میں سونے سے پہلے پڑھتا ہوں۔ (**فضیلت**: جو کوئی غمزدہ روزانہ پڑھ لے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اُس کا غم دُور ہو، نیز اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آفتوں اور بلاؤں سے بھی محفوظ رہے) ☆......اَوراد و وَظائف میں جو تعداد بتائی جاتی ہے نہ اس سے کم کریں نہ زیادہ۔ اگر بھول جائیں تو اسے کم قرار دے کر مزید پڑھ کر مقررہ تعداد مکمل کرلیں۔☆......جو ہزار پردوں میں چھپ کر اِخلاص کے ساتھ نیک عمل کرے گا، اللہ تعالیٰ انعام کے طور پر اس کا نام لوگوں پر ظاہر فرمادے گا۔ ☆......دعوتِ اسلامی سے پہلے بھی مجھے دین کا کام (جسے اب ہم مدنی کام کہتے ہیں) کرنے کا شوق تھا۔☆...... ماہِ رمضان میں دل نرم ہوتے اور نمازیوں میں اضافہ ہوجاتا ہے، مبلغین دعوتِ اسلامی کو چاہئے کہ نئے نمازیوں کو پکا نمازی بنانے کے لیے ہر مسجد میں 12 مدنی کام کریں۔☆......میرے پیرومرشد سیدی قطبِ مدینہ (حضرت مولانا ضیاء الدین احمد مدنی قادری رحمۃ اللہ علیہ) سے کوئی کہتا کہ آپ دعا فرمایئے تو جواب میں ارشاد فرماتے: آپ بھی دعا

www.dawateislami.net

فرمایئے میں دعا گو بھی ہوں ،دعا جو ( دعا کا طلبگار ) بھی ۔☆……سلام کرنے سے محبت بڑھتی ہے۔☆……مسواک اللہ عزوجل کی رِضا کے لیے کرنی چاہیے،اگر ہم پر اس کے فائدوں کا اظہار نہ ہو تو یہ سوچنا ہے کہ ہمیں مسواک کرنی ہی نہیں آتی۔☆……اِخلاص کے ساتھ نیکی کرنے والے کی نیکی ،اللہ تعالیٰ ظاہر فرما دیتا ہے، یہ ظاہر ہونا انعام ہے۔☆……مسجد بنانا ثوابِ جاریہ ہے۔☆……کتاب ''عمامے کے فضائل'' بہت ہی پیاری ہے۔اس کا ضرور مطالعہ کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ١٧ رمضان المبارک ١٤٣٨ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 13 جون 2017ء |

☆……داڑھی کے جو بال نچلے ہونٹ سے متصل ہوتے ہیں یہ کاٹنا منع ہے،البتہ کوئی بال منہ میں آتا ہو تو اُسے کاٹ دیا جائے ۔☆……حافظِ قرآن کو روزانہ ایک منزل تلاوت کرنی چاہیئے،اس طرح وہ مہینے میں 4 قرآنِ کریم ختم کرلے گا۔اگر ایسا نہ کر سکے تو کم از کم ایک پارہ تو روزانہ ضرور پڑھے،والدین بھی اپنے حافظ مدنی منّے کو اس کا پابند بنائیں۔☆……ایسے لوگ جن پر قرض ہوتا ہے،انہیں چاہیئے کہ وہ نفل حج وعمرہ کرنے سے پہلے قرض ادا کریں یا پھر جس سے قرض لیا ہے، اس سے نفل حج وعمرہ کی اجازت لے لیں۔☆……ہم تک دین کتابوں کے ذریعے پہنچا ہے،قرآنِ کریم بھی تو کتاب اللہ ہے۔دِینی معلومات حاصل کرنے اور انہیں یاد رکھنے کے لیے دِینی کتابوں کا مطالَعہ ضروری ہے، ہر ایک مکتبۃُ المدینہ کی شائع کردہ تمام کُتب خرید کر اپنے گھر میں رکھے اور ان کا مطالَعہ بھی کرتا رہے۔☆…… مجھے مال جمع کرنے کا شوق نہیں ہے اور نہ ہی جذبہ ہے، میں اتنا سکھی ہوں کہ شاید ہی کوئی اتنا سکھی ہوگا۔ ہر حال میں اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر ہے۔☆……اس سال (1438ھ) میں شائع ہونے والی فیضانِ رمضان (مرمّم) میں کئی تبدیلیاں کی ہیں اور ایک باب تو بالکل نیا ہے،جس کا عنون ہے **:الوداع ماہِ رمضان**،اس کتاب کو خریدیں ،تحفۃً دیں اور اس سے مساجد میں درس کی ترکیب بنائیں۔

☆……''**الوداع ماہِ رمضان**'' فیضانِ رمضان میں نیا باب ہے،اس کو پڑھ کر دل نرم اور آنکھیں نم ہوں گی ،ان شاءاللہ عزوجل۔(نگرانِ شوریٰ)

www.dawateislami.net

☆......قدرتی وسائل، ہوا، پانی وغیرہ اور اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ کی بے شمار نعمتیں ہیں۔ ان نعمتوں کے شکر کی صحیح صورت یہ کہ انہیں اللہ تعالیٰ کی نافرمانی میں ہرگز استعمال نہ کیا جائے۔ ☆......اگر دل میں یہ وسوسہ آئے کہ ''میں دوسرے لوگوں سے نیک ہوں'' تو اس خیال پر استغفار کیا جائے، اپنے گناہوں اور اللہ تعالیٰ کی عبادات میں کوتاہیوں کو یاد کیا جائے۔ جو واقعی نیک ہوگا وہ عاجزی کرتے ہوئے اپنے آپ کو گُنہگار سمجھے گا۔ ☆......دوسرے مسلمانوں کے بارے میں ہمارا یہ حُسنِ ظن ہونا چاہیے کہ وہ نیک ہیں، جب تک ان کی کوئی برائی واضح نہ ہو۔ ☆......میرے قریب جو اسلامی بھائی بیٹھ کر کھانا کھاتے ہیں، میں ان کے برتن میں ہمسایہ ہونے کی وجہ سے اپنے کھانے کا کچھ حصہ ڈال دیتا ہوں اور انہیں کچھ نہ کچھ دینے کا ذہن رکھتا اور دینے کی کوشش بھی کرتا ہوں۔ ☆......ہر اسلامی بھائی اور اسلامی بہن پر دعوتِ اسلامی کا اِحسان ہے کہ اس نے سنّتوں، دِینی مُعلومات اور سمجھ بوجھ دی نیز ایمان کی حفاظت کا ذہن دیا، اس لیے ہر ایک کو چاہئے کہ مدَنی عطیات جمع کرنے کی دُھن سوار کرے، اپنے خاندان، ہمسائیوں، محلے داروں، جہاں کام کرتا ہے، سب سے زکوۃ وفطرہ جمع کر کے مدَنی مرکز میں جمع کروائے۔ ☆......جس قدر مدنی عطّیات کے بستے زیادہ ہوں گے فطرہ بھی زیادہ جمع ہوگا، اس لیے بستے بھی بڑھائیں اور اس میں ذمہ دار اسلامی بھائی بیٹھنے کی ترکیب بھی بنائیں۔ ☆......قطرہ قطرہ دریا بنتا ہے، آپ اپنی دعوتِ اسلامی کے مدَنی عطّیات جمع کریں، دعوتِ اسلامی آپ کی مائی باپ ہے۔ اسے زندہ رکھنا ہے بلکہ طاقتور بنانا ہے۔ ☆......فکرِ مدینہ اصل میں اپنا مُحاسبہ کرنا ہے، اگر کوئی گُناہ سرزد ہوگیا ہو تو توبہ کرتے ہوئے مُحاسبہ کریں کہ یہ گُناہ کیوں ہوا؟ اس وقت، خانے بھی پُر کیے جائیں، فکرِ مدینہ کے دوران قبر و آخرت کو یاد کیا جائے، عمل بڑھانے کے بارے میں سوچا جائے وغیرہ۔ ☆......اللہ تعالیٰ کی رِضا اور ثواب کے لیے مسلمانوں کو پانی پلایا جائے۔ ☆......استخارہ کرنا جائز ہے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم نے اس کی تعلیم فرمائی ہے، مگر اس سے یقینی علم حاصل نہیں ہوتا۔ ☆......والدَین کو چاہئے کہ وہ اپنے سب بچوں کے ساتھ

www.dawateislami.net

یکساں سُلُوک کریں۔ یکساں سُلُوک نہ کیا جائے تو بچوں میں ایک دوسرے سے نفرت ہوسکتی ہے۔
☆ ......مکتبۃُ المدینہ کا پمفلٹ (پَم۔فلٹ) ''**شراب کی تباہ کاریاں**''نوجوانوں میں بانٹا کریں۔☆ ......مومن کا سرمایہ عشقِ نبی (صلی اللہ علیہ وسلم) ہے، اللہ تعالیٰ ہمیں عاشقِ رسول بنادے۔☆ ......حتی الامکان افطار مسجد سے باہر ہونا چاہیے، مسجد آلودہ ہونے کا خطرہ ہے۔☆ ......پھلدار شاخ جھکی ہوئی ہوتی ہے۔☆ ......پڑوسی کو اذیّت نہیں دینی چاہئے۔☆ ......ہمیں اپنے آپ کو گنہگار سمجھنا چاہئے، کیونکہ ہم نہیں جانتے کہ ہمارے بارے میں اللہ تبارک وتعالیٰ کی خفیہ تدبیر کیا ہے۔☆ ......اپنے سب بچوں سے یکساں سلوک کیجیے۔
☆ ......بدنگاہی سے بدکاری کا دروازہ کھلتا ہے۔ بہت سے گناہوں سے بچنے کی صورت یہ ہے کہ آنکھ کی حفاظت کی جائے۔☆ ......کھانے کا برتن دھوکر پینے سے غلام آزاد کرنے کا ثواب ملتا ہے۔

| ۱۸ رمضان المبارک **۱۴۳۸ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 14 جون 2017ء |
|---|---|---|

☆ ......مرد کو داڑھی یا سر کے سفید بالوں کو سُرخ یا زرد رنگ کر دینا مُستَحَب ہے، اس کیلئے مہندی لگائی جاسکتی ہے البتہ جس کو سفید بال، اچھے لگیں، اس کے حُسن میں اضافہ کریں تو وہ ان کو اِسی طرح رہنے دے۔☆ ...... جو ماہِ رمضان میں فوت ہوا، ان شاء اللہ عزوجل وہ جنّت میں جائے گا، ماہِ رمضان میں مُردوں سے عذابِ قبر بھی اُٹھالیا جاتا ہے اور حدیث شریف میں ہے: ''**روزے کی حالت میں جس کا اِنْتِقال ہوا، اللہ عَزَّوَجَلَّ اُسکو قیامت تک کے روزوں کا ثواب عطا فرماتا ہے**''۔☆ ......دُرست تلفُّظ ''شِفا'' ہے یعنی شین کے نیچے زیر ہے۔
☆ ......تنگدستی اور غُربت ہو تو اللہ تعالیٰ کی رِضا پر راضی رہنا چاہئے، اُسی پر توکل (بھروسا) کرنا چاہئے، جو بے صبری کرتے ہوئے جھگڑا کرتا، بک بک میں مصروف رہتا ہے، وہ تنگدستی کی وجہ سے **کُفر** میں بھی مبتلا ہوسکتا ہے۔ (اَلاَمَان وَالْحَفِیْظ)
☆ ......اگر محلے میں بچے آپس میں جھگڑ رہے ہوں تو انہیں جُدا کر دینا چاہئے اور سمجھانا چاہئے کہ اچھے بچے لڑائی جھگڑا نہیں کرتے، اگر بڑے بھی جھگڑ رہے ہوں تو جھگڑا ختم کرواسکتے ہوں تو ضرور کروانا چاہئے ورنہ اسے بطورِ تماشا دیکھنے کے بجائے وہاں سے چلے جانا چاہئے۔☆ ......کھانے پینے کی چیزوں میں ملاوٹیں کرنے کی

www.dawateislami.net

وجہ خوفِ خدا کا نہ ہونا ہے۔☆ ...... ہر ایک اپنا دن رات کا جدول بنائے ،سونے جاگنے کے اوقات ذہن میں رکھیں یا لکھ لیں، سردی گرمی میں ضرورتاً کچھ ترمیم بھی ہوسکتی ہے۔جدول میں نمازِ باجماعت کو اوّلیت دینی چاہئے۔☆ ......نیک بندے ،تہجد پڑھتے ،لوگوں کو نماز فجر کے لیے جگاتے (جسے مدنی ماحول میں صدائے مدینہ لگانا کہا جاتا ہے )اور اِشراق وچاشت ادا کرتے ہیں۔☆ ......اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کبھی بیکار وقت نہ گزارتے تھے،صرف نمازِ پنجگانہ کے لیے باہر تشریف لاتے اور عصر کے بعد ملاقات کرتے ۔☆ ......میں رات دن میں اوسطاً 7 گھنٹے سوتا ہوں ۔☆ ...... لیٹے لیٹے بھی بدن کو آرام (Rest) ملتا ہے۔☆ ......میری تمنا ہے کہ کتابیں لکھ کر اپنے پیچھے ثوابِ جاریہ چھوڑ جاؤں ۔☆ ......اچھا طالبِ علم ڈیڑھ سال میں ''بہارِ شریعت'' پڑھے تو بہتر ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۹ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 14 جون 2017ء |

☆ ......سوتیلی ماں سے بھی حُسنِ سُلوک کیا جائے ،اس کی اِطاعت کی جائے اس سے والد صاحب کی رِضا حاصل ہوگی۔☆ ......میری دُور کی نظر بالکل دُرست ہے، البتہ قریب کی نظر تھوڑی سی کمزور ہے ،گُزارا ہوجاتا ہے اس لیے عینک استعمال نہیں کرتا تحریری کام کے دوران عینک استعمال کرتا ہوں ۔☆ ...... جب مُؤَذِّن پہلی بار اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسولُ الله کہے، یہ کہہ لیں:۔صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْکَ یا رَسُولَ اللّٰہ. جب دوبارہ کہے،تو سننے والے کہیں:قُرَّةُ عَيْنِيْ بِکَ يَا رَسُوْلَ اللهِ۔ اور ہر بار انگوٹھوں کے ناخن آنکھوں سے لگائیں،آخر میں کہیں۔ اَللّٰھُمَّ مَتِّعْنِیْ بِالسَّمْعِ وَالْبَصَرِ جو ایسا کرے،سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم اُسے اپنے پیچھے پیچھے جنّت میں لے جائیں گے۔☆ ...... ہر ایک اپنی مصروفیّت کے مطابق جدول بنائے ،سونے جاگنے اور کھانے پینے کا وقت مقرر کرے،نمازِ باجماعت ادا کرنے میں کوتاہی نہ کرے،ہر کام کے لیے وقت اور ہر وقت کے لیے کوئی کام طے کرے،ضروری کام کے وقت غیر ضروری کام نہ کرے تو سارے کام بہتر انداز سے ہوجائیں گے۔ان شاء اللہ☆ ...... گستاخِ رسول کا انجام دنیا و آخرت میں بُرا ہے، اللہ عزوجل

www.dawateislami.net

گستاخیِ رسول سے بچائے۔☆......برسوں پہلے مجھے ایک حکیم صاحب نے بتایا تھا کہ اٹھنے کے فوراً بعد پیشاب کرنا طبّی طور پر نقصان دہ ہوسکتا ہے،تقریباً3 منٹ بعد جانا چاہیے،کیونکہ اُٹھنے کے فوراً بعد ہواس بحال نہیں ہوتے،گرنے کا خطرہ ہوتا ہے۔☆......تحریری کام میں ثوابِ جاریہ ہے، اس لیے میں اس میں دلچسپی رکھتا ہوں۔ اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ نے ہمیں''**فتاویٰ رضویہ**''اور صدر الشریعہ مفتی امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ نے''**بہارِ شریعت**'' دی ہے،جس سے ہم شرعی احکام سے واقف ہوتے ہیں،ان کتب کا فیضان آج بھی جاری ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۱۹ رمضان المبارک**۱۴۳۸ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 15جون2017ء |

☆......اِفطار میں جو کھانے والی چیزیں بچ جائیں،انہیں محفوظ کرکے بعد میں استعمال کرلیا جائے۔ان کو ضائع کرنے سے بچیے۔☆......جو واقعی صاحبِ کرامت ہوگا،وہ شریعت کا پابند ہوگا،مسلمانوں کو ناحق ستانے والا تو فاسق ہوتا ہے۔اُسے ولیُ اللہ یا رُوحانی شخصیت نہ کہا جائے،اس سے جو کام خلافِ عادت واقع ہوں وہ کرامت نہیں بلکہ اِستِدرَاج ہیں۔☆......لوگوں کو ناحق اِیذا دینے والا فاسِق ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ رمضان المبارک**۱۴۳۸ھ** | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 15جون2017ء |

☆......اپنے آپ کو''**سگِ مدینہ**'' عاجزی کرتے ہوئے کہا جاتا ہے اور اس طرح کہنے میں کوئی حرج نہیں مزید تفصیل کے مکتبۃ المدینہ کا رسالہ''**سگِ مدینہ کہنا کیسا؟**'' کا مُطالعہ کیجئے۔☆......لوگ کہتے ہیں ''سُنو سب کی ،کرو اپنی'' یہ کہنا ہرگز درست نہیں بلکہ یہ ذِہن بنا لیجئے کہ سُنو صرف عاشقانِ رسول عُلماء کی۔☆......اپنے اکابرین عُلماء پر آنکھیں بند کرلیجئے اور ذہن بنا لیجئے کہ یہ جو بات بتائیں گے وہ قرآن وحدیث کے مطابق ہوگی۔☆......گاڑی،موٹرسائیکل وغیرہ میں پیٹرول ڈلواتے ہوئے آگ قریب نہیں ہونی چاہیے،انجن بھی بند کرلیجئے اور فون کا استعمال بھی نہ کریں،مزید جو احتیاطیں وہاں تحریر ہوتی ہیں،ان پر عمل کریں،اس میں ہمارا اور دیگر لوگوں کا تحفُّظ ہے۔☆......ہمارے پاس کسی کا صُوری پیغام (Video Message) آتا ہے،اُسے

www.dawateislami.net

فارورڈ (Forward) کرنے میں بہت احتیاط کی حاجت ہے۔ ☆......حضرت مولانا نورُالدّین عبدالرحمٰن جامی رحمۃ اللہ علیہ زبردست عاشقِ رسول، عالمِ دین اور فارسی کے شاعِر تھے۔آپ کی فارسی نعتیں مشہور ہیں۔ ☆......کِسی سے قرض لیا ہو تو فوراً سے پیشتر اس کی ادائیگی کر دینی چاہیے ،قرض کی ایک پائی بھی چھوڑ کر نہیں مرنا چاہیے۔☆......لکھتے ہوئے قلم کو اپنے کان پر رکھنے سے مضمون یاد رہتا ہے۔☆......جب کسی کو کوئی ویڈیو کلپ بھیجیں تو غور کریں کہ کیا اس میں مجھے ثواب ملے گا؟۔اگر نہیں تو حذف (Delete) کر دینا چاہیے۔☆......حدیث کا ترجمہ وہی کرے،جس کی شرح پر نظر ہو۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۰ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 16 جون 2017ء |

☆......دُعا مانگتے ہوئے یہ نیّتیں کیجئے :حکم خُدا و مصطفٰی عزوجل وصلی اللہ علیہ وسلم کو بجالا رہا ہوں ،عبادت کر رہا ہوں۔اللہ تعالٰی کو راضی کرنے کے لیے دعا کر رہا ہوں وغیرہ۔☆......دیدارِ مصطفٰی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لیے دُرود شریف پڑھنا چاہیے ،البتہ یہ ذہن نہ بنائے کہ دیدارِ مصطفٰی (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لیے دُرود شریف پڑھ رہا ہوں اس لیے دیدار ہوگا بلکہ ان کے کرم پر نظر رکھے،"**ان کا کرم ہوگا تو ہی دیدار ہوگا۔**"☆......دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول میں حضرت علیُ المرتضٰی رضی اللہ عنہ کی نسبت سے یہ نعرہ رائج ہے "فیضانِ مشکل کُشا = جاری رہے گا" یہی نعرہ لگایا جائے۔☆......روزانہ لوگوں میں نمازِ فجر کا وقت شروع ہونے سے لے کر فجر کا وقت ختم ہونے تک رِزق تقسیم ہوتا ہے،سب کو چاہیے کہ اس وقت **صدائے مدینہ** لگائیں اور بعدِ فجر **مدنی حلقے** میں شرکت کریں۔☆......نماز کی پہلی تکبیر کو تکبیرِ اُولٰی اور تکبیرِ تحریمہ کہتے ہیں۔جب امام پہلی تکبیر کے "اکبر" کی "را" پر پہنچے تو مقتدی "اللہ اکبر" کہنا شروع کرے،مسئلہ یہ ہے کہ مُقتدی تکبیرِ تحریمہ کا لفظ "اللہ" امام کے ساتھ کہے مگر "اکبر" امام سے پہلے ختم کر دے تو نماز نہ ہوگی۔تکبیرِ اُولٰی پانے میں ایک رعایت یہ ہے کہ اگر مقتدی نے پہلی رکعت کا رکوع امام کے ساتھ پا لیا تو اس کو تکبیرِ اُولٰی کی فضیلت مل جائے گی مگر اتنی تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔☆......اسلامی بہن حافظہ ہو تو تنہا نمازِ تراویح میں ختمِ قرآن کرے۔☆......ہم مسلمان کو

www.dawateislami.net

راحت نہیں پہنچا سکتے تو تکلیف بھی نہ پہنچائیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۱ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 16 جون 2017ء |

☆......دعوتِ اسلامی کے تحت اولین مدنی مرکز جامع مسجد گلزارِ حبیب بابُ المدینہ کراچی میں جو پہلا اعتکاف ہوا تھا، اُس میں اسلامی بھائیوں کی تعداد 60 تھی۔ ☆...... دوسروں کے انجام سے نصیحت و عبرت حاصل کرنے والا سعادت مند ہے۔ ☆......عشقِ مصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) بڑھانے کے لیے سنّتوں پر عمل کریں، سیرتِ مصطفیٰ کا مُطالعہ کریں، عشقِ مصطفیٰ کے موضوع پر بیانات اور خوش اِلحان نعت خوان سے کلام سنیں، عاشقانِ رسول کی صحبت اختیار کریں وغیرہ، دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے وابستہ ہو جائیں گے تو عشقِ مصطفیٰ بڑھنے کی ترکیبیں ہوتی چلی جائیں گی۔ اِن شاءَ اللہ عزوجل ☆......حضرت علیُّ المرتضٰی رضی اللہ عنہ کے 5 بیٹوں سے سلسلۂ نسب چلا: (۱) حضرتِ امام حسن (۲) حضرتِ امام حسین (۳) حضرتِ محمد بن حنفیہ (۴) حضرتِ عمر بن علی (۵) حضرتِ عباس بن علی رضی اللہ عنہم ☆......ایک لمحے کے لیے بھی اعتکاف ہوسکتا ہے، اس لیے آپ جب بھی مسجد میں داخل ہوں، اعتکاف کی نیّت کرلیا کریں، آپ معتکف ہوگئے۔ جب خارجِ مسجد میں جائیں گے تو یہ اعتکاف ختم ہو جائے گا۔ ☆......جو واقعی دعوتِ اسلامی کا ذِمہ دار ہے میرا حُسنِ ظن ہے کہ وہ دوسروں کو نہیں جھاڑے گا اور جو جھاڑے گا وہ ذمہ دار نہیں۔ ☆......اپنے گھر سے کم سے کم ایک بیٹے کو عالم اور بیٹی کو عالمہ بنائیں۔ ☆...... پیارے آقا، مکی مدنی مصطفیٰ صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلم کی پیاری اُمت غلط راستے پر جا رہی ہے، انہیں مسجدوں میں لانا ہے، ربّ عزوجل کی بارگاہ میں جھکانا ہے، عشقِ رسول کا جام پلانا ہے۔ ☆......کماؤ پُتر (12 مدنی کام کرنے اور کروانے والے) میری آنکھوں کی ٹھنڈک ہیں۔ ☆......نور مسجد باب المدینہ کراچی میں، میں نے پہلا اعتکاف کیا، پہلے سال ایک، دوسرے سال 3 اور تیسرے سال 28 ہوگئے۔ سارے جوان تھے اور لوگ ان کو دیکھنے آتے تھے۔ ☆......سعادت مند وہ ہے جو دُوسروں سے نصیحت حاصل کرے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۱ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 17 جون 2017ء |

www.dawateislami.net

☆......10 بیبیوں کی کہانی، داستانِ عجیب، شہزادے کا سر اور جنابِ سیّدہ کی کہانی وغیرہ سب مَن گھڑت قصّے ہیں انہیں ہرگز نہ پڑھا کریں بلکہ سورۂ یٰسین شریف کی تلاوت کی جائے۔ ☆......روزے میں بعدِ عصر (افطار کے قریب) نیند آنے کی وجہ شاید یہ ہو کہ اِس وقت جسم میں غذائیت مثلاً کیلوریز کم ہو جاتی ہیں۔ بلڈ پریشر بھی Low (کم) ہو جاتا ہے اور آنکھیں بوجھل ہو جاتی ہیں۔☆......حرمینِ طَیِّبَین کے قالین کے دھاگے ہوں یا عام مسجد کی دری یا صف وغیرہ کے دھاگے یا تنکے انہیں ہرگز جُدا نہیں کر سکتے نیز ایسا کرنے سے قالین یا دری یا صف وغیرہ کمزور ہو جائیں گی، یوں وقف کی چیزوں کا نقصان ہو گا۔☆......روزانہ سونے سے پہلے 21 مرتبہ یَا مُتَکَبِّرُ پڑھیے، ان شاءاللہ عزوجل بُرے خواب نہیں آئیں گے۔☆......ماں باپ کی خدمت کر کے انہیں خوش رکھیں اور صرف ان سے دُعا لیں، ایسا کام ہرگز نہ کریں کہ وہ آپ کو بددعا دیں۔☆......"**گھر درس**" کی اہمیت **مسجد درس** سے بڑھ کر ہے۔☆......ماں باپ کی صرف دُعائیں ہی لینی چاہئیں۔☆......شرعی مسائل اور شریعت کا **مذاق اُڑانا کفر** ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 17 جون 2017ء |

☆......چکور (Partridge) حلال ہے اور یہ پاکستان کا قومی پرندہ ہے۔☆......جب کسی جائز کام کے بارے میں تَذَبْذُب (تَذَبْ + ذُبْ) ہو یعنی میں یہ کام کروں یا نہ کروں؟ تو استخارہ کرنا چاہیے، بہتر یہ ہے حدیث میں جو طریقہ تعلیم فرمایا گیا ہے (یعنی دو نفل ادا کر کے دعائے استخارہ پڑھی جائے) اس کے مطابق استخارہ کیا جائے۔ ☆......دوسروں کو بُرائی سے روکنا فرضِ کفایہ ہے اور دل سے بُرا جاننا فرضِ عین ہے۔ (خلاصہ از ماہنامہ فیضانِ مدینہ رجب ۱۴۳۸ھ) ☆......جب اولاد جوان ہو جائے اور کُفُو ملے تو ان کے نکاح میں تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔ کُفُو کے احکام جاننے کے لیے مکتبۃُ المدینہ کی کتاب "پردے کے بارے میں سوال جواب" صفحہ 660 تا 378 تک کا مُطالَعہ کیجیے۔☆......معاشرے میں بُرائیاں بڑھنے کی ایک وجہ نکاح میں تاخیر کرنا بھی ہے۔ ☆......مسواک شریف سونے بلکہ پِلاٹینیم (Platinum) سے بھی قیمتی ہے، بلکہ یہ اَنمول (یعنی بہت ہی

www.dawateislami.net

قیمتی) ہے۔اللہ کرے ہم زندگی بھراس کے عادی ہو جائیں۔☆......تسبیح والا استخارہ پاور فل(Power Full) نہیں ہوتا۔☆......ماں کی ''خدمت'' اور باپ کی ''عزّت'' زیادہ کی جائے۔☆......دعوتِ اسلامی آپ کا وطن، ملک، گھر خاندان کی طرح ہے۔☆......اللہ تعالیٰ ہمارے دل میں رمضان کی محبت ڈال دے، جنون کی حد تک اس سے عشق ہو جائے۔☆......گاڑیوں میں زیادہ لوڈ(Over Load) ڈالنے سے لوگوں کی جان خطرے میں پڑتی ہے اور مالی نقصان بھی ہوتا ہے، ایسا ہرگز نہ کیا جائے۔☆......تمام دعوتِ اسلامی والے اپنی آمدنی کا 11% دعوتِ اسلامی کو دیں تو مدینہ مدینہ، یہ پیارا عمل ہے۔ جو ایسا کرے تو میری دُعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے بِلا حساب جنت الفردوس میں داخل فرمائے۔اٰمین ☆......اللہ عزوجل اپنی راہ میں خرچ کرنے والوں کی زندگی میں برکت عطا فرماتا ہے۔☆......ماں باپ کو اولاد کی شادی میں جلدی کرنی چاہئے، اولاد کو ماں باپ سے شادی کا مطالبہ نرمی سے کرنا چاہئے۔☆......اگر نماز میں آنکھیں بند کرنے سے دِلجمعی اور خشوع آتا ہے تو آنکھیں بند کر کے نماز پڑھنے میں حرج نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۲ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 18 جون 2017ء |

☆......ہر اسلامی بھائی کو چاہئے کہ مَدَنی حُلیے میں رہے، یعنی **داڑھی**، زُلفیں، سر پر سبز سبز عمامہ شریف (سبز رنگ گہرا یعنی ڈارک نہ ہو) کلی والا سفید کُرتا، سنّت کے مطابِق آدھی پنڈلی تک لمبا، آستینیں ایک بالشت چوڑی، سینے پر دل کی جانب والی جیب میں نُمایاں مسواک، پاجامہ یا شلوار ٹخنوں سے اُوپر۔(سر پر سفید چادر اور پردے میں پردہ کرنے کیلئے مدنی انعامات پر عمل کرتے ہوئے کتھئی چادر بھی ساتھ رہے تو مدینہ مدینہ)☆......یااللہ عزوجل! مجھے اور **مدنی حُلیے** میں رہنے والے تمام اسلامی بھائیوں کو سبز سبز گنبد کے سائے میں شہادت، جنّتُ البقیع میں مدفن اور جنّت الفِردوس میں اپنے پیارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کا پڑوس نصیب فرما۔اٰمین ☆......عموماً خریداری تو ہر ایک کو کرنا ہوتی ہے اور کبھی کوئی چیز بیچنی بھی پڑتی ہے، اس لیے خرید وفروخت کے ضروری مسائل لازمی سیکھنے چاہئیں۔☆......جس سے گُناہ نہ چُھوٹتے ہوں وہ بار بار توبہ کرے، اپنے آپ کو قبر و جہنّم کے عذابات سے ڈرائے،

www.dawateislami.net

اس کیلئے ''**جہنّم میں لے جانے والے اعمال**(جلد اول ، جلد دوم)'' اور ''**76 کبیرہ گناہ**'' کتابوں کا مُطالَعہ کرے ۔☆ ...... جب سے دعوتِ اسلامی بنی ہے ،ترقی ہی کرتی جارہی ہے۔☆ ......اللہ تعالیٰ ہمیں نمازی بنائے کیونکہ اس کے بغیر چارہ نہیں۔☆ ......**اپنی آمدنی** کا کچھ نہ کچھ حصہ دعوتِ اسلامی کے لیے مختص کر دِیجیئے۔☆ ......ٹریفک کےقوانین عوام کے بھلے کے لیے ہی ہوتے ہیں۔☆ ......دعوتِ اسلامی والے کسی ملک کےاندرونی(Internal) معاملات میں دخل اندازی نہیں کرتے ۔☆ ......موٹر سائیکل سب سے غیر محفوظ سواری ہے،**اچھا ہیلمٹ لیں**،موٹر سائیکل کے حادثات میں زِیادہ تر اموات **سر کی چوٹ** کی بنا پر ہوتی ہیں۔

☆ ......میں گھر میں بھی عمامہ پہنے رہتا ہوں۔☆ ......دعوتِ اسلامی سے محبت کرنے والے دعوتِ اسلامی والے ہیں،دعوتِ اسلامی میں ماہانہ فیس اور کوئی ممبر شپ نہیں، ہر سُنّی دعوتِ اسلامی والا ہے۔☆ ......''**نماز کے احکام**''میں سے امام صاحب مقتدیوں کو''**نماز کا طریقہ**''سکھائیں۔☆ ......امام وحافظ صاحب اپنی مسجد کے باہر مدنی عطیات کا بستہ لگائیں۔☆ ......ذمہ داران مدنی عطیات کے لیے جائیں،اگر کوئی تھوڑے دینے کا کہے تو بڑھانے کا کہیں۔ان شاء اللہ عزوجل خوب مدنی عطیات ہوں گے۔☆ ......شبِ قدر کی علامتیں ہیں،مگر اہل اللہ اور صالحین کو دکھائی جاتی ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 18 جون 2017ء |

☆ ......روزہ مکروہ ہونے سے مُراد یہ ہے کہ روزے کی رُوحانیّت چلی جاتی ہے۔☆ ...... یہ پوچھنا کہ'' روزے کیسے جارہے ہیں؟''وغیرہ اس طرح کے سُوالات پوچھنا فضول ہے،البتہ اس کا جواب یہ دیا جاسکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت پر نظر ہے ورنہ جس طرح روزے رکھنے کا حق ہے،اس طرح تو ایک روزہ بھی نہیں رکھ سکا۔☆ ......ٹریفک کے قوانین میں ہماری اور دوسروں کی جانوں کا تحفُّظ ہے۔اس لیے اسکی پابندی ضروری ہے۔خلاف ورزی کرے گا تو پکڑے جانے کی صورت میں اپنی ذات کو اذیّت و ذِلّت کے لیے پیش کرنا ہوا جو کہ ناجائز ہے،ہوسکتا ہے رِشوت دینے کے گُناہ میں مبتلا ہو جائے یہ بھی ناجائز ہے۔☆ ......موٹر سائیکل

www.dawateislami.net

والے ہیلمٹ پہنیں اور گاڑی والے سیٹ بیلٹ باندھیں، اس میں اپنی جان کی حفاظت ہوتی ہے۔سواریوں میں سب سے نامعقول (ناموزوں، نامناسب، ناموافق) سواری موٹر سائیکل ہے، اس کے ذریعے جان لیوا حادثے زیادہ ہوتے ہیں، ان کو چلانے والے اپنے آپ پر ہیلمٹ لازم کرلیں، کوئی بھی اسلامی بھائی اس کے بغیر موٹر سائیکل نہ چلائے۔☆......کھانا کھانے سے پہلے اور بعد میں وضو کرنا (یعنی دونوں ہاتھ گٹوں تک اور منہ کا اگلا حصہ دھونا اور کلی کرنا) محتاجی کو دور کرتا ہے۔☆...... ہر گناہ سے بچنا چاہیے، نہ جانے اللہ تعالیٰ کس گناہ پر ناراض ہو جائے اور ایمان چھن گیا تو ہمیشہ کے لیے جہنم کا عذاب ہوگا۔ چھوٹا گناہ بھی جہنم میں جھونک سکتا ہے۔☆......دعوتِ اسلامی کی کارکردگی مثالی ہے، دنیا کے کم و بیش 200 ممالک میں اپنا مدنی پیغام پہنچا چکی ہے، اگر یہ اپنے طریقہ کار کے مطابق کام کرتی رہی تو ترقی کرتی رہے گی۔ ان شاء اللہ عزوجل☆......ایک مفتی بڑی کوشش اور مشکل سے بنتا ہے۔☆......دعوتِ اسلامی ہر عاشقِ رسول اور ہر سُنّی کی ہے۔☆......ٹُوٹی کنگھی استعمال کرنا جائز ہے، مگر تنگدستی کے اسباب سے ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۳ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 19 جون 2017ء |

☆...... عمامے کے ساتھ 2 رَکعت نَماز بغیر عمامے کی ستّر (70) رَکعتوں سے اَفضل ہیں ☆عمامے کا ہر پیچ جو مسلمان اپنے سر پر دے گا، اس پر روزِ قیامت ایک نور عطا کیا جائے گا ☆ بے شک اللہ عَزَّوَجَلَّ اور اس کے فِرِشتے دُرُود بھیجتے ہیں، جمعے کے روز عمامے والوں پر ☆عمامے کے ساتھ نَماز 10 ہزار نیکیوں کے برابر ہے ☆ عمامے کے ساتھ ایک جُمُعہ بغیر عمامے کے ستّر (70) جُمعوں کے برابر ہے ☆جو عمامہ باندھے، اُس کے لئے ہر پیچ پر ایک نیکی ہے۔☆...... بارش میں روزہ دار نہا سکتے ہیں بلکہ وضو یا غسل کی نیّت کرے تو ثواب بھی ملے گا، اس صورت میں کلی بھی کریں اور ناک کی نرم ہڈی تک پانی بھی پہنچائیں، غرغرہ نہ کریں اور نہ ہی ناک میں پانی پہنچانے میں مُبالغہ کریں۔☆......عوام اسلامی بھائیوں کو دِینی معاملات میں بحث کرنے کی ہرگز اجازت نہیں۔

☆...... جب اولاد اپنے ماں باپ سے مُعافی مانگے تو والدین کو دِل بڑا رکھتے ہوئے مُعاف کر دینا چاہئے، یہ

www.dawateislami.net

بھی نیکی ہے۔☆......مُعافی مانگنا اچھی بات ہے، شوہر بیوی سے اور بیوی شوہر سے مُعافی مانگ لیا کرے غلطی نہ ہو تب بھی معافی مانگنے میں حرج نہیں، اس سے آپس میں محبت بڑھے گی۔☆......جو رمضان کی قدر جانتے ہیں، وہ خواہش کرتے ہیں کہ سارا سال رمضان ہو۔☆......اللہ و رسول (عزوجل وصلی اللہ علیہ وسلم) کے جو بھی احکام ہیں، وہ آنکھیں بند کرکے ماننے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٢٤ رمضان المبارک ١٤٣٨ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 19 جون 2017ء |

☆......وہ نابالغ بچّہ یا بچّی جس کا باپ فوت ہو گیا ہو، وہ یتیم ہے، یہ اس وقت تک یتیم رہتے ہیں، جب تک بالغ نہ ہوں، جوں ہی بالغ ہوئے، یتیم نہ رہے۔☆......مسواک شریف ہمارے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی سنّت ہے، تمام اسلامی بھائی 12,12 مسواکیں لیں اور مسلمانوں میں تقسیم کریں، مگر دینے سے پہلے انفرادی کوشش کرتے ہوئے مسواک کی اہمیت بھی بتائیں ورنہ ہوسکتا ہے، وہ استعمال نہ کرے، بہتر یہ ہے کہ مسواک کے ساتھ مکتبۃُ المدینہ کا رِسالہ ''**مسواک شریف کے فضائل**'' بھی تقسیم کریں۔☆......مکتبۃُ المدینہ کی کتاب ''**فیضانِ رمضان**'' میں ماہِ رمضان کے علاوہ بھی بہت سے مدنی پھول ہیں، جو سارا سال کام آنے والے ہیں، اسے خرید فرمائیں اور اس کا مُطالعہ بھی کریں۔☆......تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں (ملک و بیرونِ ملک) مکتبۃُ المدینہ کی شائع کردہ تمام کُتُب خرید کر اپنے گھر میں رکھ لیں اور اس پر لکھ دیں ''**مدنی لائبریری**''۔ اگر آپ پڑھنا نہیں جانتے تو پھر بھی مدنی لائبریری قائم فرمائیں، آپ کی اولاد اور گھر میں آنے والے دیگر رشتہ دار وغیرہ اس سے اِستِفَادہ کریں (یعنی فائدہ اٹھائیں) گے۔☆......یا اللہ عزوجل!! جو بھی اپنے گھر میں مدنی لائبریری کھولے تو اُسے اپنے پیارے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کا دیدار نصیب فرما۔ اٰمین☆......دعوتِ اسلامی والوں کی پہچان ''مدینہ'' ہے۔☆......مکتبۃ المدینہ کی کتاب ''**عاشقانِ رسول کی 130 حکایات**'' حاصل کیجئے اور اس کا مطالعہ کریں، اسے پڑھ کر ان شاء اللہ عزوجل آپ رو پڑیں گے۔☆......خوشی کے مواقع پر کتابیں تحفہ دیا کریں، چاہیں تو ابتدا میں کوئی دعائیہ جملہ لکھ کر اپنا نام اور تاریخ لکھ دیں تاکہ خوشی کے موقع کی یاد رہے۔

www.dawateislami.net

☆ ...... جو خوبصورت شادی کارڈ شائع کرواتے ہیں، وہ ان کے بجائے رِسالوں کے اندرونی حصے پر دعوتِ ولیمہ وغیرہ والا پرچہ مکتبۃ المدینہ کو آرڈر دے کر چسپاں کروا کر تقسیم کریں، ان شاءاللہ عزوجل دعوت نامہ کے ساتھ ساتھ نیکی کی دعوت بھی پہنچ جائے گی۔ ☆ ...... ماں باپ بہت بڑی نعمت ہیں، انہوں نے اولاد کی پروش پر ساری پونجی لگادی مگر اولاد احسان فراموشی پر اُتر آتی، ستاتی اور رُلاتی ہے۔ ☆ ...... سعادت مند اولا دوہ ہے، جن سے والدین ساری دولت مانگیں تو وہ سب پیش کر دیں۔ ☆ ...... ماں باپ سختی کریں تو ان کے سامنے ہرگز آواز بُلند نہ کریں، ہر صورت میں صبر کریں۔ ☆ ...... شراب حرام اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے، اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہے، عقل کو زائل کر دیتی ہے، کھانے کی لذّت ختم کر دیتی ہے، بہت سے گناہوں میں مبتلا کر دیتی ہے، 40 دن تک دُعا اور نماز قبول نہیں ہوتی۔ ☆ ...... کتاب ''**فیضانِ رمضان**'' میں سارا سال کام آنے والے مدنی پھول موجود ہیں۔ ☆ ...... ہر گھر میں **مدنی لائبریری** بنائیے، اس میں مکتبۃ المدینہ کی تمام کتابیں اور رسائل ہونے چاہئیں۔ ☆ ...... والدین کی حق تلفی کی ہو تو فوراً معافی طلب کریں۔

| ۲٤ رمضان المبارک ۱٤۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 20 جون 2017ء |
|---|---|---|

☆ ...... مجھے فقہی مسائل کو جاننے کا شوق بچپن سے ہی تھا، نوجوانی میں ہی بہارِ شریعت کے 17 حصے 28 روپے میں خرید لیے تھے، سب سے پہلے میں نے بہارِ شریعت کا درس سبز مسجد (صرافہ بازار میٹھادر باب المدینہ کراچی) میں دیا تھا اور سوال جواب کا سلسلہ شروع ہوا۔ اس وقت میری داڑھی کے چند بال آئے تھے۔ مجھے ''**بہارِ شریعت**'' کا حافظ کہا جاتا تھا۔ ☆ ...... تازہ مسواک کے اپنے فوائد ہیں، مثلاً جس کے منہ میں معدے کی گرمی اور تیزابیت کی وجہ سے چھالے ہو جائیں، وہ تازہ مسواک منہ میں ملے اور اس کا بننے والا لُعاب (یعنی تھوک) بھی خوب ملے اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّ وَجَلَّ مَرض دور ہو جائے گا۔ ☆ ...... عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ (باب المدینہ کراچی) کا منبر لکڑی کا ہے، جس میں 3 سیڑھیاں (Step) ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ 8 ہجری میں ہمارے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے لکڑی کا منبر بنایا گیا، جس میں 3 سیڑھیاں (Step) تھیں۔ اسی وجہ سے ہمارے ہاں ایسے منبر کی ترکیب ہے۔ میرے مرنے کے

www.dawateislami.net

بعد بھی اسے برقرار رکھا جائے اور جہاں جہاں ہو سکے ایسے منبر بنائے جائیں البتہ ماربل کا منبر بنانا بھی جائز ہے۔☆......منبر اس طرح فکس (Fix) نہ کریں کہ صف قطع ہو۔☆......لکڑی کا منبر بہت بڑا نہ ہو بلکہ واجبی سائز ہو۔☆......سرکارِ مدینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم منبر شریف کے پہلے زِینے پر خطبہ اِرشاد فرمایا کرتے تھے۔☆......میں نے سب سے پہلے رضا مسجد بریلی (یوپی) ہند میں لکڑی کا منبر دیکھا تھا۔☆......بادامی مسجد (گاؤگلی میٹھادر باب المدینہ کراچی) کے امام مولانا مُجِیبُ الرَّحمٰن صاحب عشاء کے بعد ایک مسئلہ بیان کرتے تھے، میں نے بہت چھوٹی عمر میں سب سے پہلے ان کے ہاتھ میں بہارِ شریعت دیکھی۔☆......میں بچپن میں شرمیلا تھا، جیب خرچی کے لیے والدہ محترمہ سے روزانہ ایک پیسہ ملتا تھا، اگر کوئی اور مجھے ایک پیسہ دے دیتا تو پھر والدہ محترمہ سے نہیں لیتا تھا، بچپن سے ہی جھوٹ بولنے اور کسی سے لڑنے وغیرہ سے ڈرتا تھا۔☆......غالباً 1970ء میں آنکھوں کا مرض عام ہوا، میں کھارادر میں مریضوں کو دم کرتا اور اللہ کے فضل سے مریض شفایاب ہو جاتے تھے، کسی کے کہنے پر میں نے دم کرنے کے لیے بابُ المدینہ کراچی کے علاقے گلستانِ مصطفے میں بستہ لگایا، یہاں بھی آشوبِ چشم والوں کو شفا حاصل ہوئی، یوں لوگ مجھ سے واقف ہوئے اور قریب آئے۔☆......1970ء کے بعد میں نے دِین کا کام (موجودہ اصطلاع مدنی کام ہے) کرنے کے لیے علاقائی سطح پر کئی انجمنیں اور تنظیمیں بنائی تھیں، اس وجہ سے علما مجھے جانتے تھے۔☆......سُننے کی عادت ہونی چاہیے، بولنے میں خطرہ زِیادہ ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ رمضان المبارک۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 20 جون 2017ء |

☆......پانی اُبال کر پینا بہتر ہے مگر اتنا گرم کیا جائے کہ وہ اُبل جائے، اُبلنے کے 2،3 منٹ بعد اُبالنا ختم کر دیا جائے ورنہ اس میں نمکیات بڑھ جائیں گے۔☆......قبلہ شریف کی طرف منہ کر کے کھڑے ہو کر بسم اللہ شریف پڑھ کر آبِ زم زم پیا جائے، یہ آداب اس کی تعظیم کے لیے ہیں اور کارِ ثواب ہیں۔☆......ایک مسلمان کو ضروری دِینی علم جاننے والا، مدنی حلیے والا، فرائض وسُنّتوں کا پابند اور حُسنِ اَخلاق کا پیکر ہونا چاہیے۔☆......لوگوں کے

www.dawateislami.net

دل بازو کی طاقت دکھانے سے نہیں حُسنِ اَخلاق اور عاجزی سے جیتے جا سکتے ہیں۔☆ ...... مجھے مادی و دُنیوی تحفوں کے بجائے مدنی قافلے میں سفر کر کے اس کا ثواب ایصال کر دیں۔ نیکیوں اور مدنی کاموں کا ثواب تحفے میں دیا کریں۔☆ ...... خاموشی بغیر سلطنت کے ہیبت و رُعب ہے۔ ☆ ...... پانی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔☆ ...... مِنرَلْ واٹر (کیمیاوی طریقوں سے صاف کیا ہوا پانی جو آج کل بوتلوں میں فراہم کیا جاتا ہے) کے بارے میں بتایا جاتا ہے کہ وہ صحت کے لیے اچھا ہوتا ہے۔☆ ...... بزرگانِ دین ماہِ رمضان کے آنے سے پہلے رمضانَ المبارک کی تیاری کرتے تھے، دیگر مشاغل سے فارغ ہو جاتے تھے۔☆ ......شادی میں جو رَسمیں شریعت سے نہیں ٹکراتیں، ان کی مخالفت نہ کی جائے۔ گانے باجے گناہ ہیں، اس کو روکا جائے، بے پردہ عورتوں کے ہجوم سے بچا جائے، دارالافتاء اہلسنّت سے اپنی رسموں کا پوچھ لیں۔☆ ......خاموشی بغیر سلطنت کے ہیبت ہے۔☆ ...... مدنی کاموں کی ترقی کی خوشخبریاں سنائیں، تنزلی میرے لیے باعثِ رنج ہے۔☆ ...... مجھے مادی تحفے نہ دِیا کریں کیونکہ مجھے تحفہ نہیں، تحفے والا چاہیئے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۵ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 21 جون 2017ء |

☆ ......جس کو اِستطاعت ہو، وہ عید سے پہلے ہی غریبوں اور ان کے بچوں کو نئے کپڑے سنّت کے مطابق سِلوا کر دے، کچھ خرچی بھی دے، عید کے دن گھر میں جو اچھی ڈِش بنائی جائے جیسے شِیر خُرمہ وغیرہ، وہ ان کے گھر بھی بھیجی جائے۔ (10) الحمد للہ عزوجل مفتیِ اہلسنّت مفتی محمد قاسم قادری دامت برکاتہم العالیہ نے دس (10) جلدوں پر مشتمل مکمل تفسیرِ قرآن ''صِرَاطُ الْجِنَان'' عطا فرمادی ہے۔ انہوں نے کُوزے میں ''ایک'' نہیں علم کے 7 سمندر بند کر دیئے ہیں، ہر ایک خریدے اور اپنے گھر کی مدنی لائبریری کا حصہ بنائے اور روزانہ تھوڑا تھوڑا پڑھا کرے۔☆ ......عید خوشی کا دن ہے، سنّت کے مطابق کپڑوں کو ثواب کی نیّت سے پہننا مستحب اور کارِ ثواب ہے۔ اچھے کھانے بنانا بھی جائز ہے، آپس میں مبارَک باد دی جائے۔☆ ......مرد کو پاجامہ یا شلوار ایسی سِلوانی چاہیے کہ ٹخنوں سے اوپر رہے، ٹخنوں کو ننگا رکھنا سنّت ہے۔☆ ......شرعی فِقہی مسائل بیان

www.dawateislami.net

کرنا، ایک خاص طبقہ علماء کے ساتھ خاص ہے، جو دارُالافتا میں فتاویٰ نویسی کرتے ہوں۔

| | | |
|---|---|---|
| ٢٦رمضان المبارک١٤٣٨ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 21 جون 2017ء |

☆......عاشقانِ رسول علماء و مشائخ اور بزرگوں سے نسبت ورابطہ رکھنے سے شریعت پر عمل کرنے کی توفیق ملتی ہے، گُناہوں سے حفاظت رہتی ہے، یوں مُعاشرتی برائیاں بھی کم ہوتی ہیں۔☆......مسلمان کے عمل میں حُسنِ ظن کا پہلو تلاش کرنا واجِب ہے۔(خُلاصہ از فتاویٰ رضویہ 18/637)☆......اگرلوگ دوسروں سے حسنِ ظن کرنے لگیں تو ہمارے معاشرے میں امن قائم ہوجائے گا کیونکہ عموماً لڑائی جھگڑے بدگُمانی کی وجہ سے ہوتے ہیں۔☆...... پوری دُنیا میں عاشقانِ رسول کا بول بالا ہے، ہونا چاہئے اور ان شاءاللہ عزوجل ہوتا رہے گا۔☆......جِنّوں اورانسانوں کی زندگی کا اصل مقصداللہ تعالیٰ کی عبادت اور ہروہ کام کرنا ہے، جس سے اللہ ورسول عزوجل وصلی اللہ علیہ وسلم کی رضا حاصل ہو۔☆......دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار اجتماع میں ذکرُاللہ سے پہلے سبز سبز گنبد کا تصوّر کرکے 11،11 مرتبہ دُرُود وسلام پڑھنے کا اِعلان ہوتا ہے اسکی وجہ یہ ہے کہ برسوں پہلے مجھے ایک اسلامی بھائی نے بتایا تھا کہ مجھے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ الیاس قادری سے کہو کہ ذکرُ اللہ سے پہلے یہ اعلان کیا کرے کہ تصورِ مصطفیٰ یا سبز سبز گنبد کا تصوّر کرکے 11،11 مرتبہ دُرُود وسلام پڑھ لیجئے۔ یہ سننے کے بعد میں نے یہ اِعلان شروع کیا تھا۔ ☆......میں نے دعوتِ اسلامی ''مرکزی مجلسِ شوریٰ'' کے حوالے کردی ہے، میرے جیتے جی اور مرنے کے بعد بھی یہ آپ کی مائی باپ ہے۔ یہ جو بھی حکم دے، اس کی اطاعت کریں، میری وصیّت ہے کہ کوئی اسلامی بھائی اس سے نہ ٹکرائے بلکہ جو ایسا کرے اگرچہ وہ میرے خاندان کا فرد ہو، اس کی حمایت ہرگز نہ کریں۔☆......دعوتِ اسلامی صرف عطّاریوں کی نہیں بلکہ تمام سلسلوں اور حنفیوں کے ساتھ ساتھ شافعی، مالکی اور حنبلی عاشقانِ رسول کی بھی ہے۔☆......دعوتِ اسلامی کی ''مین اتھارٹی'' (Main Authority) دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ شوریٰ ہے۔☆...... ہر کام شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے، اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رضا حاصل کرنے کے لیے کیا جائے۔☆......بعض اوقات جن کو

www.dawateislami.net

مُعاشرے میں کوئی اہمیّت نہیں دی جاتی، وہ ایسی بات کر جاتے ہیں، جس میں اصلاح کے کئی مدنی پھول ہوتے ہیں، بعض بچوں کی بعض باتیں غیبی آواز ہوتی ہیں۔☆......عُلما فرماتے ہیں: مستحب نمازوں میں صَلٰوۃُ الوَالِدَین یعنی والدَین کی نماز ہے۔(فتاوٰی رضویہ ۲۰/۲۷۲)☆......میری عمر ہجری سن کے اعتبار سے تقریباً 70 سال ہے۔☆......اللہ تعالیٰ ایمان کے ساتھ محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کے جلووں میں مدینے میں شہادت کی موت نصیب کرے۔☆...... مجھے پیسے جمع کرنے کا جذبہ نہیں۔☆...... دعوتِ اسلامی میری طرف سے آپ کو تحفہ ہے۔☆......اپنی اور دوسروں کی اصلاح کی کوشش جاری رکھیں۔☆......میں نے ایک مرتبہ بھی حاجی عمران کو نگرانِ شوریٰ نہیں بنایا بلکہ مرکزی مجلسِ شوری نے مل کر بنایا ہے۔☆......میں نے صرف حاجی مشتاق کو نگرانِ شوریٰ بنایا تھا، جب اِعلان کیا تو حاجی مشتاق کو بھی اُسی وقت معلوم ہوا تھا۔☆......مرکزی مجلسِ شوریٰ کو میری تاکید ہے کہ ہمیں اللہ عَزَّوَجَلَّ کی رِضا درکار ہے، اس لیے ہمیشہ عُلماء کے زیرِ سایہ رہیں۔ عین شریعت کے مطابق مدنی کام کریں، اس کے لیے عُلماء کو الگ نہیں کیا جاسکتا۔ مرکزی مجلس شوریٰ میں بھی کئی سنَد یافتہ عُلماء ہیں اور شوریٰ والے دارالافتا اہلسنّت سے شرعی رہنمائی بھی لیتے رہتے ہیں۔☆......مرکزی مجلسِ شوریٰ کے تمام اراکین اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ کے محبّ ہیں، ایک سے ایک بڑھ کر جان چھڑکنے والے ہیں۔☆......ہم اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کو ماننے والے ہیں، اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نبی نہیں تھے، عاشقِ رسول، ولیِ کامل، بہت بڑے عالمِ دین، مفتیِ اسلام تھے، علماء انہیں مُجتَہِدفِی المَسائل قرار دیتے ہیں، ان کے کروڑوں ماننے والے ہیں۔ اعلیٰ حضرت امام اہلسنّت یعنی سُنّیوں کے امام ہیں ۔☆......میں نے اپنے بیٹے ''حاجی ابواُسید عبید رضا'' کو جانشین بناتے ہوئے اعلان کیا تھا کہ یہ مرکزی مجلسِ شوریٰ کے تحت ہیں، میں نے ان کو پیری مریدی کا جانشین بنایا ہے، دعوتِ اسلامی کا مالک نہیں بنایا۔ ☆......دعوتِ اسلامی صرف عطاریوں کی نہیں بلکہ سب سلاسِل کی ہے۔ جو مسلمان بھی دعوتِ اسلامی کے طریقہ کار سے متفق ہو، دعوتِ اسلامی اُس کی ہے۔☆......دعوتِ اسلامی کا پیغام دنیا کے

www.dawateislami.net

تقریبا دوسو(200)ممالک میں پہنچ چکا ہے،اس میں ہمارا کمال نہیں، یہ اللہ عزوجل کی رحمت اور پیارے مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کا کرم ہے، تکبُّر نہیں کرنا چاہئے اور نہ ہی بڑا بول بولنا چاہئے، ورنہ زوال آسکتا ہے۔☆......اسلامی بہنیں چاردیواری اور شریعت کی پاسداری کرتی رہیں۔☆......اللہ عَزَّوَجَلَّ کا شکر کریں کہ اس نے روزے رکھنے اور تراویح پڑھنے کی توفیق عطا فرمائی۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۶ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 22 جون 2017ء |

☆......میری بڑی بہن نے مجھے بتایا تھا کہ تمہاری پیدائش 26 رمضان کو نمازِ عصر کے بعد اور مغرب سے پہلے ہوئی تھی۔

☆......روٹی وغیرہ سالن کے برتن کے اوپر کر کے توڑیں تا کہ ذرّات نیچے گرنے کے بجائے سالن میں رہیں۔

☆......دستر خوان پر روٹی وغیرہ کے باریک ذرّے گر ہی جائیں تو ان کو اُٹھا کر کھانے کا طریقہ یہ ہے کہ انگلی کا پیٹ (یعنی اندرونی حصہ) ذرّات پر رکھ کر دبائیں، ذرّات اس سے چپک جائیں گے، اب انہیں تناوُل فرمالیجئے۔

☆......بارہویں شریف کے موقع پر کیک کاٹنے کے بجائے، اس پر جتنی رقم خرچ ہوتی ہے، اُتنی رقم کے مکتبۃُ المدینہ سے رسائل خرید کر تقسیم کریں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ موجودہ کیک کاٹنے کا انداز ایسا ہے کہ اس میں کئی غلط باتیں شامل ہوجاتی ہیں۔☆......مدنی چینل جتنی دیر دیکھیں، علم میں اضافہ ہی ہوگا اس کا کوئی سلسلہ فضول نہیں، کسی کی حق تلفی کیے بغیر روزانہ ایک گھنٹہ 12 منٹ مدنی چینل دیکھنا اپنی روحانی غِذا بنالیں، اگر اکٹھا نہ دیکھ سکیں تو اس وقت (ایک گھنٹہ 12 منٹ) کو کئی حصوں میں تقسیم کرلیں، ان شاءاللہ عزوجل عِلْم کا خزانہ ہاتھ آئے گا، یہ بھی نہیں کرسکتے تو کم از کم، کم از کم بارہ (12) منٹ مکمل یکسوئی اور اطمینان سے ضرور دیکھئے۔☆......بُزُرگ فرماتے ہیں کہ: جو مِسواک کا عادی ہو، مرتے وقت اسے کلِمہ پڑھنا نصیب ہوگا اور جو افیُون کھاتا ہو، مرتے وقت اسے کلِمہ نصیب نہ ہوگا۔☆......اپنی دکان پر رسائل رکھیں، دکان پر آنے والوں میں رِسائل تقسیم کیا کریں۔ کوشش کریں دُکان رسائل سے خالی نہیں ہونی چاہیے۔☆......دعوتِ اسلامی والے باعمل، سنّتوں کے پابند، حُسنِ اَخلاق کا پیکر بن کر گھر والوں کے حقوق ادا کرتے ہوئے، دعوتِ اسلامی کا مدنی کام کریں۔

www.dawateislami.net

☆......حج کے احرام کے ساتھ 9 ذُوالحِجّہ کو ظہر کا وقت شروع ہونے سے لے کر دسویں کی صبحِ صادق تک، جو میدانِ عرفات میں داخل ہوگیا تو وہ حاجی ہوگیا، یہی حج کا رکنِ اعظم ہے۔

| ٢٧ رمضان المبارک ١٤٣٨ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 22 جون 2017ء |
| --- | --- | --- |

☆......اپنے نفس کی خاطر لڑائی جھگڑا کرنے والے ایک دوسرے کو اذیّت دیتے اور دل آزاری کرتے ہیں جو کہ حرام ہے۔ دُنیوی جھگڑوں سے مُعاشرے میں بُرے اثرات مرتب ہوتے ہیں، یہ منحوس بھی ہیں، ان کی وجہ سے آتی نعمتیں واپس چلی جاتی ہیں، ان سے بچنا ضروری ہے۔☆......ظلم کرنا بہت بڑا گُناہ ہے، اس سے ایمان برباد ہونے کا خطرہ ہے۔☆......میں پاکستان میں پیدا ہوا ہوں، مجھے پاکستانی ہونے پر فخر ہے، پاکستان اِسلام کا قلعہ ہے اور رہے گا، ان شاءاللہ عزوجل۔ نیکی کی دعوت دینے میں جتنی آزادی یہاں ہے کسی دوسرے ملک میں نہیں۔ اپنے وطن کو بُرا نہ کہا کریں، اس کی اکثریّت امن پسند ہے، کچھ لوگوں کے بُرا ہونے سے ہر فرد بُرا نہیں ہوتا۔☆......بیرونِ ملک رہنے والے پاکستانی بھی محتاط زندگی گزاریں، بُرائیاں کرکے اپنی آخرت اور وطنِ عزیز پاکستان کی عزّت کو خطرے میں نہ ڈالیں۔☆......غریبوں کی مدد اس طرح کریں کہ ان کی عزّت پر حرف نہ آئے، انہیں دھکّے کھِلانے کے بجائے گھروں میں راشن پہنچا دیں اور اس کا ڈنکا بھی نہ بجائیں بلکہ صدقہ وخیرات کرکے چُھپائیں، نیکی کرکے چُھپانی چاہیے، لوگوں پر اظہار کرکے نیکی خطرے میں نہیں ڈالنی چاہیے۔
☆......مُعاشرہ فرد سے بنتا ہے، فرد کی اصلاح ہوگئی تو مُعاشرے کی بھی اصلاح ہو جائے گی، اس لیے دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے منسلک ہو کر اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کیجئے۔☆......اپنا وطن اپنا وطن ہے، جتنی آسانیاں وطن میں ہوتی ہیں، پردیس میں نہیں۔

| ٢٧ رمضان المبارک ١٤٣٨ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 23 جون 2017ء |
| --- | --- | --- |

☆......مَردوں کے لیے عام مسلمانوں کی قبروں پر جانا مستحب (یعنی ثواب کا کام) ہے اور اَولیائے کرام کے مزارات کی زیارت سعادت ہے۔☆......شرعی مسائل بال سے بھی باریک ہوتے ہیں، عام آدمی کا ان میں

www.dawateislami.net

عقل کے گھوڑے دوڑانا، اُس کے ایمان کے لیے خطرناک ہے۔☆......دعوتِ اسلامی کا مدنی کام اسلامی بہنیں بھی کرتی ہیں، یہ دن میں گھر سے باہر والے مدنی کام کرسکتی ہیں، انہیں مغرِب سے پہلے پہلے گھر پہنچنا لازمی ہے۔☆......ہم سب عربی آقا صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام اور آپس میں بھائی بھائی ہیں۔ جو بھی عاشقِ رسول ہے، خواہ اس کا تعلُّق کسی بھی زبان سے ہو، ہمارے سر کا تاج ہے۔☆......ہر داڑھی عمامے والے سے شرعی رہنمائی نہ لی جائے۔ دعوتِ اسلامی کا دارالافتا اہلِ سنّت شرعی رہنُمائی کے لیے حاضر ہے، دیگر عاشقانِ رسول مفتیانِ کِرام سے بھی شرعی رہنُمائی لی جاسکتی ہے۔☆......مدنی کام شریعت کے دائرے میں رہتے ہوئے کرنا ہے۔ حقیقت میں مدنی کام وہی ہے، جو شریعت کے مطابِق ہو۔☆......کاش روز صلوٰۃُ التسبیح پڑھنے کی سعادت نصیب ہوجائے۔☆..........بدقسمتی سے لوگوں کی دلچسپی گُناہوں میں ہے نیکیوں میں نہیں، اللہ تعالیٰ نیکیوں کی محبت دیدے۔☆......دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے منسلک اسلامی بہنوں کے محارِم مدنی کاموں میں ان کی مُعاوَنت کریں، مدنی کام کرنے کی اجازت دیں، نیکی کے کام سے نہ روکیں۔ اسلامی بہنیں دن میں مدنی کاموں کے لیے دھوپ میں نکلتی ہیں، دھونے پکانے کا کام بھی کام کرتی ہیں، بچوں کو بھی سنبھالتی ہیں۔☆......علم عبادت سے افضل ہے۔☆......مدنی کاموں میں مدنی مقابلہ کرنے سے دعوتِ اسلامی مضبوط تر ہوتی جائے گی۔☆......مدنی مقابلہ ہونا چاہئے، مسابقت حدیثوں سے ثابت ہے، البتہ اس میں حسد، بُغض، دھوکہ، غلط کارکردگی کا سلسلہ نہیں ہونا چاہئے، مدنی مقابلہ اللہ عزوجل کی رضا کے لئے ہونا چاہئے۔☆......والدین کو اپنی اولاد میں عدل وانصاف کرنا چاہئے، اگر کسی بچے سے زیادہ محبت ہو تو اس کا اظہار نہ کریں۔☆......اوقاتِ مکروہہ میں تلاوت کرنا مکروہِ تنزیہی ہے۔☆......بے وقوف ہیں وہ لوگ جو اپنے وطن کی توڑ پھوڑ کرتے اور گاڑیاں جلاتے ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۸ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 23 جون 2017ء |

☆......بعض لوگ بچوں کو بہلانے، مصروف کرنے اور روتے ہوں تو چپ کرانے کے لیے موبائل دے دیتے

www.dawateislami.net

ہیں، ایسا ہرگز نہ کیا جائے، ان کی آنکھوں کے لیے خطرناک ہونے کے ساتھ ساتھ ان کی غلط تربیّت (Miss Training) بھی ہے۔اس طرح یہ بڑے ہوکر بھی اس میں مصروف رہیں گے،اس وجہ سے ان کی صحت کے ساتھ ساتھ تعلیم میں حرج آئے گا، یہ کوئی بڑا علمی مقام حاصل نہیں کر پائیں گے۔☆......حتی الامکان سوشل میڈیا (Social Media) سے دُور رہیں، اسی میں عافیّت ہے۔سوشل میڈیا نے ہماری قوم کو مصروف کردیا ہے، اس کی وجہ سے عبادات اور دیگر فرائض کی ادائیگی میں مسائل ہورہے ہیں۔یہ کئی مسلمانوں کو نماز کے خشوع وخضوع سے محروم کردیتا ہوگا۔☆......(امام شافعی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں:) **طَلَبُ الْعِلْمِ أَفْضَلُ مِنْ صَلٰوةِ النَّافِلَةِ**۔یعنی علم حاصل کرنا نفلی عبادات سے افضل ہے۔☆......مدنی عطیات جمع کرنے میں مُسابَقَت (مُسا۔بَ۔قَت) یعنی مقابلہ کرنا اچھا ہے۔مدنی عطیّات کسی بھی اِدارے کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں اس کے لیے کوشش کریں، آجکل صدقۂ فطر جمع کرنے کا موقع (سیزن) ہے، اس سے فائدہ اُٹھائیں اور زیادہ سے زیادہ بستے لگائیں، جتنے بستے زیادہ ہوں گے، صدقۂ فطر زیادہ جمع ہوگا، ائمہ کرام اور جامعۃ المدینہ کے طلبہ بھی بھرپور تعاوُن کریں۔☆......صِلہ رِحمی (یعنی رشتہ داروں سے اچھا سلوک کرنا) واجِب ہے اور بغیر شرعی اجازت کے قطعِ رِحمی (یعنی رشتہ داروں سے تعلقات توڑ دینا) حرام ہے۔مکتبۃُ المدینہ کا رسالہ "**ہاتھوں ہاتھ پھوپھی سے صلح کرلی**" کا مطالعہ کیجئے۔

☆......تمام تقریبات شریعت کے مطابق ہی کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۸ رمضان المبارک ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عصر) | 24 جون 2017ء |

☆......عید کے بعد شوال کے مہینے میں جو 6 نفل روزے رکھے جاتے ہیں، ان کو "شش عید کے روزے" کہا جاتا ہے۔بہتر یہ ہے کہ یہ روزے مُتَفَرَّق (یعنی ناغہ کرکرکے) رکھے جائیں اور عید کے بعد لگاتار چھ (6) دن میں ایک ساتھ رکھ لیے، جب بھی حرج نہیں۔ان کے فضائل کا خُلاصہ یہ ہے کہ جو ماہِ رمضان کے سارے روزے رکھنے کے بعد یہ 6 روزے بھی رکھ لے تو اسے پورے سال کے روزوں کا ثواب حاصل ہوگا اور گُناہوں سے ایسے نکل گیا، جیسے آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے۔☆......: مزارِ ولی پر قدموں کی طرف سے حاضر ہوکر قبلہ کو پیٹھ اور صاحبِ

www.dawateislami.net

مزار کے چہرے کی طرف رُخ کر کے کم از کم چار (4) ہاتھ (دو(2) گز) دُور کھڑا ہو اور اس طرح سلام عرض کرے، السّلامُ علیکَ یا ولیَّ اللہِ وَرَحمۃُ اللہِ وَ برَکاتُہٗ، ایک بار سورۂ فاتحہ اور 11 بار سورۂ اِخلاص (اول آخر ایک بار دُرُود شریف) پڑھ کر ہاتھ اٹھا کر صاحبِ مزار کا نام لیکر ایصالِ ثواب کرے اور دعا مانگے کیونکہ یہاں دعا قبول ہوتی ہے۔☆......ایمان کی حفاظت کے لیے ایمان پر خاتمے کی دُعا کرتا رہے، اپنے دل میں خوف رکھے کہ کہیں ایمان ضائع نہ ہوجائے، ہر اُس کام سے بچے جس سے ایمان ضائع ہوسکتا ہو، مثلاً گناہ کرنا، بدمذہبوں اور بُرے دوستوں کی صحبت اختیار کرنا وغیرہ۔☆......حقیقت میں سب سے بڑا عالم اللہ تعالیٰ ہے، پھر اس کی عطا سے ہمارے پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم عالم ہیں، انبیاءِ کرام علیھم السلام بھی اپنی قوم کے سب سے بڑے عالم تھے۔ تمام اولیائے کرام بھی عالم ہوتے ہیں۔☆......اگر کوئی سجدے میں دُعا مانگنا چاہے تو اس کا ایک طریقہ یہ ہے کہ غیر مکروہ وقت میں باوضو ہوکر، دُعا کی توفیق ملنے پر، سجدۂ شکر کی نیّت سے سجدہ کرے اور اس میں دعا مانگے۔ (مزید تفصیل جاننے کے لیے کتاب ''فضائلِ دُعا'' کا مطالعہ کریں) ☆......''میں مُستَجابُ الدَّعوات بن جاؤں'' یعنی میری ہر دُعا قبول ہو، یہ تمنّا کرنا دُرُست ہے، مُستَجابُ الدَّعوات بننے میں سب سے بڑی رُکاوٹ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کرنا اور حرام روزی کھانا ہے۔☆......خلیلُ العُلماء خلیلِ ملّت، حضرت مولانا مفتی محمد خلیل خان برکاتی رحمۃ اللہ علیہ بڑے عالم، مفتی اسلام، بہترین مدرس، اعلیٰ حضرت کے شیدائی، کئی کتب کے مصنف، باعمل اور اچھی شخصیت کے مالک تھے، میں دعوتِ اسلامی کے بننے سے پہلے سے ان سے عقیدت رکھتا ہوں۔ میری ان سے دو بار ملاقات ہوئی ہے، (1) ایک دفعہ نور مسجد میں تشریف لائے تھے، جس میں میری امامت کی ترکیب تھی اور (2) دوسری مرتبہ مرکزی مجلس انجمن اشاعت الاسلام کے جلسے میں تشریف لائے تھے، یہ مرکزی مجلس انجمن اشاعتُ الاسلام میں نے دعوتِ اسلامی سے پہلے بنائی تھی۔☆......حضرت مولانا مفتی محمد خلیل خان برکاتی رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب ''ہمارا اسلام'' عقائد و اعمال کے بارے میں سوالات و جوابات پر مشتمل ہے، قدرے آسان بھی ہے، یہ کتاب ہر گھر میں ہونی چاہئے۔☆......اصل قیمتی چیز ایمان ہے، یہ کہیں ضائع نہ

www.dawateislami.net

وجائے ،میں بُرے خاتمے سے بہت ڈرتا ہوں۔☆......بُرے خاتمے کے خوف سے ڈرنا عبادت ہے۔☆......بیعت کرنے سے سلسلے کے فیوض وبرکات ملتے ہیں، کہیں اگر کوئی مرید نہ ہو تو گنہگار نہیں۔☆......ہمیں نیک ضرور بننا ہے مگر اپنے آپ کو نیک سمجھنا بھی نہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۹ رمضان المبارک۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعدِ عشا) | 24 جون 2017ء |

☆......:عید ہو یا شادی کسی موقع پر بھی نابالغ بچے (لڑکے) کے ہاتھوں میں مہندی نہیں لگا سکتے۔لگانے والے مرد وعورت گُنہگار ہوں گے۔مدنی منّیوں کو لگانے میں حرج نہیں ۔☆......مرد کے لیے سب سے بڑا وظیفہ پانچوں نمازیں باجماعت مسجد کی پہلی صف میں ادا کرنا ہے۔☆......عید کے دن اظہارِ خوشی کرنا سُنّت ہے۔ ☆......جو عبادت کرنا اور دین کا کام کرنا چاہتا ہے، وہ پیٹ بھر کر نہ کھائے ،کھانا بھی سادہ ہو، کباب سموسے، فاسٹ فوڈ، چکناہٹ ،مِٹھاس وغیرہ سے پرہیز کرے، پیٹ درست رہے گا،عبادت میں دِل لگے گا، بیماریوں سے بھی حفاظت رہے گی۔ان شاءاللہ عزوجل☆ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ ظاہری میں حضرت جبرائیل علیہ السلام **24000** (چوبیس ہزار) بار بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے۔☆......اللہ تعالیٰ رشوت دینے لینے سے محفوظ فرمائے۔☆...... پینافلیکس ”**مسجد میں نا سمجھ بچہ لانا گُناہ ہے**“ دنیا بھر کی مساجد میں لگایا جائے، مجلس تراجم ،اس کا مختلف زبانوں میں ترجمہ کرے۔☆...... بڑھاپا بیماریوں کا گڑھ ہے، بوڑھوں کو قفلِ مدینہ لگانا چاہیے، بوڑھا گھر میں نہ بولے تو سُکھی رہتا ہے۔☆...... بڑھاپے میں قفلِ مدینہ لگانا مشکل ہے، اس کے لیے بہت کوشش کیجئے۔☆......اللہ تعالیٰ ہمیں صابر وشاکر بندہ بنائے۔☆......خوامخواہ اپنی بیماری کا تذکرہ لوگوں سے نہ کیا جائے۔☆......ہمیں سرکار صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت ہے اور جو آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتا ہے، اس سے بھی محبت ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۲۹ رمضان المبارک۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعد عصر) | 25 جون 2017ء |

☆......دوسروں کی موت سے عبرت حاصل کیجئے اور آخرت کی تیاری میں مصروف ہو جایئے۔☆...... کسی کا

www.dawateislami.net

عزیز فوت ہو جائے تو اسے صبر کر کے اجر کمانا چاہئے ، بے صبری کرنے سے عزیز واپس تو آئے گا نہیں ، بلکہ صبر پر ملنے والے اجر سے محرومی ہو جائے گی۔ ☆......ہمیں ہر وقت الرٹ رہنا چاہئے کہ اب موت آئی ،اب موت آئی۔ ☆......حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ،حضرت علی رضی اللہ عنہ کے خلیفہ،تابعی اور بہت بڑے ولیُ اللہ تھے۔

☆......اپنے بھائی بہنوں ، چچا، ماموں ،خالہ پھوپھی وغیرہ رشتہ داروں سے بنا کر رکھیں ،اگر وہ غیر مناسب سُلُوک کریں تو اسے نظر انداز (Ignore) کر کے ان سے حُسنِ سُلُوک کرتے رہیں، رشتہ داروں کے ساتھ صِلہ رِحمی (رشتہ داروں سے اچھا سُلُوک کرنا) واجِب ہے۔

| یکم شوال المکرم ۱۴۳۸ھ | مدنی مذاکرہ (بعد عشا) | 25 جون 2017ء |
|---|---|---|

☆......روشن مستقبِل کے لیے جائز طریقے سے کوئی ہنر سیکھنا،اس نیّت سے کہ کسی کے سامنے ہاتھ نہ پھیلانے پڑیں، کارِ ثواب ہے۔ ☆......آجکل روشن مستقبِل کے نام پر والدین بچوں کے لیے،نوجوان اپنے لیے کوششیں کرتے ہیں مگر حقیقی مستقبِل ''آخِرت'' کو بھول جاتے ہیں۔ ☆......بچوں کی دِل جُوئی کی نیّت سے عیدی دیں گے تو ثواب ملے گا۔☆......اپنے سب بچوں کو برابر برابر عیدی دی جائے۔☆......اگر ہم نیک بنیں تو دنیا وآخرت میں بھلائیاں ہی بھلائیاں ہیں۔☆......اگر کوئی طعنے دے،جلی کٹی سُنائے،لعنت ملامت کرے تو صبر کریں اور ریپلائی نہ دیں، ان شاء اللہ عزوجل ثواب بھی ملے گا جھگڑا بھی نہیں ہوگا۔☆......عید عمدہ کپڑے پہننے اور اچھا کھانا کھانے کا نام نہیں بلکہ عید تو اس کی ہے، جسے میٹھے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی دید ہو جائے ،اور عید اس کی ہے جو ایمان سلامت لے کر قبر میں اُترنے میں کامیاب ہوگیا۔

☆......عید کے دن خوشی کا اِظہار کرنا سُنّت ہے، دوسروں کو''**عید مبارک**'' کہنا بھی اچھا ہے اور عید مبارک ان الفاظ سے کہنا افضل ہے: **تَقَبَّلَ اللّٰہُ مِنَّا وَمِنکُمْ** کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آپس میں کہا کرتے تھے۔

www.dawateislami.net